# THE
# SENATE OF PAKISTAN
# DEBATES

## *OFFICIAL REPORT*

Monday the June 16, 2025
(351st Session)
Volume VII, No.03
(Nos. 01-08)

*Printed and Published by the Senate Secretariat, Islamabad*

| | |
|---|---|
| Volume VII | SP.VII(03)/2025 |
| No.03 | 15 |

## Contents


1. Recitation from the Holy Quran ........ 1
2. Mr. Chairman: This House welcomes the Young Leaders Parliament, Khyber Pakhtunkhwa, who are seated in the Visitors' Gallery. ........ 2
3. (The House recognized the presence of the Young Leaders Parliament, Khyber Pakhtunkhwa, who were witnessing the proceedings of the session) ........ 2
4. Leave of Absence ........ 2
5. Motion under Rule 194 (1) move by Senator Waqar Mehdi, Chairman, Committee on Rules of Procedure and Privileges, on Privilege Motion against Deputy Secretary (Council), Ministry of Information Technology and Telecommunication, Islamabad ........ 3
6. Presentation of report on behalf of Chairman, Standing Committee on Petroleum, on a point of public importance regarding unnoticed load shedding of Sui Gas in Lahore ........ 4
7. Point of public importance raised by Senator Manzoor Ahmed regarding murder of Sardar Abdul Salam Bazai and his brother in Mangla, Quetta; and killing of Najeeb Kakar in Hanna Urak, Quetta ........ 4
8. Point of Public Importance raised by Senator Atta-ur-Rehman regarding Law and Order Situation in Lakki Marwat, Khyber Pakhtunkhwa ........ 6
9. Further discussion on the Finance Bill 2025-26 ........ 8
    - Senator Syed Ali Zafar ........ 8
    - Senator Khalil Tahir ........ 16
    - Senator Syed Masroor Ahsan ........ 19
    - Senator Mohammad Ishaq Dar, Leader of the House ........ 26
    - Senator Syed Shibli Faraz, Leader of the Opposition ........ 31
    - Senator Mohammad Ishaq Dar, Leader of the House ........ 32
    - Senator Muhammad Fesal Vawda ........ 34
    - Senator Dost Muhammad Khan ........ 37
    - Senator Atta Ur Rehman ........ 42
    - Senator Bushra Anjum Butt ........ 46
    - Senator Saifullah Abro ........ 49
    - Senator Abdul Wasay ........ 57

# SENATE OF PAKISTAN
# SENATE DEBATES
Monday, the June 16, 2025

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at thirty eight minutes past three in the evening with Mr. Chairman (Syed Yousaf Raza Gilani) in the Chair.

----------------

## **Recitation from the Holy Quran**

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔

سُبْحٰنَ الَّذِيْٓ اَسْرٰى بِعَبْدِهٖ لَيْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَى الْمَسْجِدِ الْاَقْصَا
الَّذِيْ بٰرَكْنَا حَوْلَهٗ لِنُرِيَهٗ مِنْ اٰيٰتِنَا ۭ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ۝١ وَ
اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَجَعَلْنٰهُ هُدًى لِّبَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ اَلَّا تَتَّخِذُوْا
مِنْ دُوْنِيْ وَكِيْلًا ۝٢ ذُرِّيَّةَ مَنْ حَمَلْنَا مَعَ نُوْحٍ ۭ اِنَّهٗ كَانَ عَبْدًا شَكُوْرًا ۝٣
وَقَضَيْنَآ اِلٰى بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ فِي الْكِتٰبِ لَتُفْسِدُنَّ فِي الْاَرْضِ مَرَّتَيْنِ وَ
لَتَعْلُنَّ عُلُوًّا كَبِيْرًا ۝٤ فَاِذَا جَاۗءَ وَعْدُ اُوْلٰىهُمَا بَعَثْنَا عَلَيْكُمْ عِبَادًا
لَّنَآ اُولِيْ بَاْسٍ شَدِيْدٍ فَجَاسُوْا خِلٰلَ الدِّيَارِ ۭ وَكَانَ وَعْدًا مَّفْعُوْلًا ۝٥

ترجمہ: پاکی ہے اسے جو اپنے بندے کو، راتوں رات لے گیا مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تک جس کے ارد گرد ہم نے برکت رکھی کہ ہم اسے اپنی عظیم نشانیاں دکھائیں، بے شک وہ سنتا دیکھتا ہے۔ اور ہم نے موسیٰ کو کتاب عطا فرمائی اور اسے بنی اسرائیل کی ہدایت کے لیے بھیجا کہ میرے سوا کسی کو کارساز نہ ٹھہراؤ۔ اسے ان کی اولاد! جن کو ہم نے نوح کے ساتھ سوار کیا بے شک وہ بڑا شکر گزار بندہ

تھا۔ اور ہم نے بنی اسرائیل کو کتاب میں وحی بھیجی کہ ضرور تم زمین میں دوبارہ فساد مچاؤگے اور ضرور تم بڑا غرور کروگے۔ پھر جب ان میں پہلی بار کا وعدہ آیا ہم نے تم پر اپنے بندے بھیجے سخت لڑائی والے تو وہ شہروں کے اندر تمہیں تلاش کرنے کے لیے گھسے اور یہ ایک وعدہ تھا جسے پورا ہونا تھا۔ سُوْرَةُ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ (آیات ۱تا۵)

Mr. Chairman: This House welcomes the Young Leaders Parliament, Khyber Pakhtunkhwa, who are seated in the Visitors' Gallery.

***(The House recognized the presence of the Young Leaders Parliament, Khyber Pakhtunkhwa, who were witnessing the proceedings of the session)***

## Leave of Absence

Mr. Chairman: Senator Syed Mohsin Raza Naqvi has requested for the grant of leave for 13th to 22nd June, 2025 during the current session due to official visit abroad. Is leave granted?

*(The leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Zarqa Suharwardy Taimur has requested for the grant of leave for 13th June, 2025 during the current session due to personal engagements. Is leave granted?

*(The leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Naseema Ehsan has requested for the grant of leave for 15th, 16th and 22nd May, 2025 during the 350th Session due to personal engagements. Is leave granted?

*(The leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Abdul Shakoor Khan has requested for the grant of leave for the whole 350th Session due to personal engagements. Is leave granted?

*(The leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Waqar Mehdi, Chairman, Committee on Rules of Procedure and Privileges, may move Order No. 2.

**Motion under Rule 194 (1) move by Senator Waqar Mehdi, Chairman, Committee on Rules of Procedure and Privileges, on Privilege Motion against Deputy Secretary (Council), Ministry of Information Technology and Telecommunication, Islamabad**

Senator Waqar Mehdi: Thank you Mr. Chairman. I, Senator Waqar Mehdi, Chairman, Committee on Rules of Procedure and Privileges, move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on the Privilege Motion moved by Senators Palwasha Mohammed Zai Khan, Dr. Afnan Ullah Khan, Saifullah Sarwar Khan Nyazee, Nadeem Ahmed Bhutto, Mohammad Humayun Mohmand and Anusha Rahman Ahmad Khan against Deputy Secretary (Council), Ministry of Information Technology and Telecommunication, Islamabad for misleading Committee meeting, may be extended for a period of sixty days with effect from 17$^{th}$ June, 2025.

Mr. Chairman: I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Senator Umer Farooq, Chairman, Standing Committee on Petroleum, may move Order No. 3. Anybody on his behalf can move Order No. 3. Mohsin Aziz Sahib, please move Order No. 3.

## Presentation of report on behalf of Chairman, Standing Committee on Petroleum, on a point of public importance regarding unnoticed load shedding of Sui Gas in Lahore

Senator Mohsin Aziz: On behalf of Senator Umer Farooq, Chairman, Standing Committee on Petroleum, I present report of the Committee on a point of public importance raised by Senator Kamil Ali Agha, on 11th March, 2025, regarding unnoticed load shedding of Sui Gas in Lahore.

Mr. Chairman: Report stands laid. Further consideration of the following motion moved by Senator Muhammad Aurangzeb, Minister for Finance and Revenue, on 10th June, 2025:-

> "That the Senate may make recommendations to the National Assembly on the Finance Bill, 2025, containing the Annual Budget Statement, as required under Article 73 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan."

I need the list of speakers and who wants to speak now. Parliamentary Leader from PTI. One minute please. He is raising a Point of Public Importance. Yes, Senator Manzoor Ahmed.

## Point of public importance raised by Senator Manzoor Ahmed regarding murder of Sardar Abdul Salam Bazai and his brother in Mangla, Quetta; and killing of Najeeb Kakar in Hanna Urak, Quetta

سینیٹر منظور احمد: شکریہ، جناب چیئرمین! دس دن پہلے کوئٹہ شہر کے اندر منگلا میں سردار عبدالسلام بازئی اور اس کے چھوٹے بھائی کو شہید کر دیا گیا۔ دہشت گردی کے واقعات ہو رہے

ہیں، جو یہاں پر دہشت گردی ہوئی ہے، اس گھر کے دو بڑے چراغ ان کے خاندان سے چھینے گئے۔ علاقے میں یا شہر میں جو بے چینی ہے، ابھی تک ان دہشت گردوں کی گرفتاری کے لیے کوئی step نہیں اٹھایا گیا ہے جو ان کے زخموں پر مرہم رکھ سکے۔

جناب چیئرمین! وہ اپنے علاقے میں اپنا کاروبار کر رہے تھے۔ ان کو بار بار پیغام آ رہا تھا کہ اتنا بھتہ دیں تو پھر یہاں سے آپ اپنا کوئلہ لے جا سکتے ہیں۔ یہاں پر وزیر داخلہ موجود نہیں ہیں۔ میں آپ کے توسط سے گزارش کرتا ہوں کہ وزیر داخلہ اگر وہاں پر یہ بات رکھ لیں کہ ان کے جو لواحقین ہیں ان کے ساتھ اور جلد سے جلد وہ دہشت گرد گرفتار ہو جائے تو جناب چیئرمین! اس کے ساتھ۔۔

جناب چیئرمین: سینیٹر عرفان الحق صدیقی صاحب انہوں نے Point of Orderپر بات کی ہے concerning Law and Order. So the Ministers are not present, you are part of the Governmentاس کو آپ note کر لیں۔

سینیٹر منظور احمد: جناب! ایک منٹ، یہ لے لوں اس کے ساتھ دوبارہ کر لیں، شکریہ۔ جناب! پرسوں رات میرے گاؤں ہنہ اڑک میں بھی رات کے ساڑھے 12 بجے، ہنہ اڑک سیر و تفریح کا ایک علاقہ ہے، ہنہ جھیل، سپن کاریز، وہاں پر پورے پاکستان سے لوگ جاتے ہیں سیر و تفریح کے لیے اور جو مقامی لوگ ہیں وہ سب لوگوں کی مہمان نوازی کرتے تھے لیکن افسوس کے ساتھ یہ کہنا پڑ رہا ہے کہ دو دن پہلے ساڑھے 12 بجے رات کو نجیب کاکڑ کو گولی مار کر شہید کر دیا۔ اب کمشنر، ڈی سی اور علاقے والے اس نوبت پر آ گئے ہیں کہ ہنہ اڑک کو بند کر دیں اور کوئی بھی وہاں سیر و تفریح کے لیے نہیں جا سکتا۔ اس علاقے میں جب سے لوگ آباد ہیں اس طرح کا واقعہ نہ رونما ہوا، نہ پیش ہوا۔ کبھی گاڑی سے لوگوں کو مار دیا، کبھی موٹر سائیکلوں سے لوگوں کو مار دیا، وہاں پر ان کے گھر ہیں۔ تو وہاں گھروں کے سامنے میوزک اور اس طرح کی جو چیزیں ہوتی ہیں میں یہاں پر بیان نہیں کر سکتا۔ تو اسی حوالے سے میں Interior Minister سے request کرتا ہوں کہ جس نوجوان کو اس کے گھر کے سامنے اور اپنے بچوں کے سامنے شہید کیا گیا تو یہ میرا خیال ہے کہ انتہائی زیادتی والی بات ہوگی۔ جناب چیئرمین! میں یہاں پر پھر ایک دفعہ request کروں گا کہ یہ جو دو واقعے ہوئے ہیں Interior Minister Sahib اس پر کوئی step لیں، شکریہ۔

جناب چیئرمین: مولانا عطاالرحمان صاحب ویسے میں آپ کو بتانا چاہ رہا ہوں کہ جب آپ کی Budget speech ہوگی جو سب کو موقع ملے گا you can discuss anything اور اس کے لیے اگر Point of Orders پر ہم بات کریں گے تو پھر بہت سارے لوگ deprive ہو جائیں گے اور وہ بات نہیں کر سکیں گے۔ اگر آپ نے speech کرنی ہے تو آپ جو چاہیں کر لیں یہ ضروری نہیں کہ آپ بجٹ تک محدود رہیں you can discuss anything ٹھیک ہے مولانا عطاالرحمان صاحب۔

**Point of Public Importance raised by Senator Atta-ur-Rehman regarding Law and Order Situation in Lakki Marwat, Khyber Pakhtunkhwa**

سینیٹر مولانا عطاالرحمان: بہت شکریہ جناب چیئرمین! اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ بجٹ کی تقریر میں ہر قسم کی گفتگو کی جا سکتی ہے، اپنے حلقے کے مسائل کو discuss کیا جا سکتا ہے۔ لیکن ایک انتہائی اہم اور ضروری بات آپ کے سامنے رکھنی تھی، ایوان کے سامنے رکھنی تھی اور وہ یہ ہے کہ گزشتہ سے پیوستہ دن ہمارے ڈیرہ اسماعیل خان میں مولانا صاحب کے فرزند مولوی ارشد محمود صاحب وہ لکی مروت میں ایک جنازے میں شرکت کے لیے جو ہمارے جمیعت طلبہ اسلام کے صدر تھے ان کی اہلیہ کے انتقال پر جا رہے تھے۔ راستے میں تھانہ یارک کے علاقے میں کوئی ۵۰، ۶۰، ۷۰ کے قریب دہشت گردوں نے ان کو روکا، پھر کہا کہ گاڑی سے اترو، بہت کچھ کہنے کے بعد بھی وہ لوگ نہیں مان رہے تھے۔ پھر جو ان کے ساتھ دو چار گارڈ تھے انہوں نے بھی بندوقیں تانیں، دہشت گردوں نے بھی بندوقیں تانیں اور بہر کیف پھر انہوں نے اپنے امیر سے بات کی اور کہا کہ ہمیں اپنے امیر کا حکم ہے، تو ہمارے بھتیجے نے بھی ان سے کہا کہ مجھے بھی امیر کا حکم ہے اور پھر کسی طرح ان کے امیر سے بات کرائی گئی اور ان کو جانے دیا گیا۔ لیکن آج مجھے جو معلومات ہوئی ہیں وہ یہ ہیں کہ وہ لوگ کہہ رہے ہیں کہ ہم سے غلطی ہوئی ہے ہم نے ان کو کیوں چھوڑا ہے۔ تو حضرت بات پہنچ گئی ہے ہمارے گھرانے تک اور ہمارے بھتیجے تک اور اس کے باوجود اگر ہم دیکھیں تو ہمارے گاؤں کے نکلنے کے راستے پر بھی فوج بیٹھی ہے، داخل ہونے کے راستے پر بھی فوج بیٹھی ہے، سڑک سے اتریں تو فوج ہے، سڑک پر چڑھیں تو فوج ہے۔ تو اس تمام ترکے باوجود ساٹھ ستر بندہ نکلتا ہے اور وہ روڈ پر ایک شخص کو روکتے

ہیں پھر اس کو کہتے ہیں گاڑی سے اترو پھر وہ بندوقیں تان لیتے ہیں تو ہمیں تو سمجھ نہیں آرہی کہ ہمیں کس چیز کی سزا دی جارہی ہے۔

ابھی گزشتہ دنوں ہندوستان کے ساتھ ہمارے ملک کا مسئلہ ہوا، جو معاملات آئے، ہم نے سب کچھ بھلا کر اپنی فوج کا، اپنی ریاست کا، اپنے ملک کا ساتھ دیا اور ہم ہر صورت میں ملک کی بقا چاہتے ہیں۔ لیکن اس حد تک آگے آجانا کہ جہاں میری ذات، میرے گھر، میرے بھائی، میرے بھتیجے محفوظ نہ ہوں اور ہم اپنے علاقے اپنے ووٹرز کے پاس نہ جاسکیں تو ہم یہ کیا سمجھیں کہ کس کی وہ ہے۔ اس پر ہم نے Corps Commander Sahib سے بھی بات کی ہے، ان کو بھی یہ باتیں بتائی ہیں۔ وہ بھی کہتے ہیں جی ہم پتہ کرتے ہیں کہ کیوں ہوا ہے، کیسے ہوا ہے۔ لیکن میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس حد تک باتیں کرنے سے یہ معاملات حل نہیں ہوں گے۔

اگر ہم نے مشکل وقت میں اپنی فوج کا ساتھ دیا ہے، ریاست کا ساتھ دیا ہے تو ریاست پر ہمارا بھی کچھ حق بنتا ہے۔ ہمیں بھی اپنی security چاہیے، ہمیں بھی اپنی قوم کی اور بچوں کی security چاہیے۔ اگر ہم یہاں ہوتے ہوئے بھی ان تمام چیزوں کو بھلا کر کے فوج نے ہمارے ساتھ الیکشن میں کیا کیا، کیا نہیں کیا، کس طرح ہمارے ساتھ رویہ رکھا گیا، پھر الیکشن کے بعد کا کیا رویہ تھا۔ ہمیں بھی پتہ ہے کہ یہاں کی حکومتیں کیسے بنتی ہیں، کیسے بگڑتی ہیں، کس طرح حالات خراب کیے جاتے ہیں، کس طرح حالات بنائے جاتے ہیں اور وہ جو ایک وقت میں ہمارے کچھ نوجوانوں نے ایک نعرہ بھی لگایا تھا کہ یہ جو دہشت گردی ہے اس کے پیچھے وردی ہے۔ تو ہم کیا سمجھیں، ہم کدھر جائیں جو ریاست کے ساتھ کھڑے ہیں، جو ملک کے ساتھ کھڑے ہیں۔ جنہوں نے ہمیشہ ملک کی بات کی ہے، ریاست کی بات کی ہے، یہاں کے تحفظ کی، کیا ہمیں اس بات کی سزا دی جارہی ہے؟ ہم تو اس ملک پر اپنی جان بھی، اپنی اولاد کو بھی قربان کرنے کے لیے تیار لیکن کیا ہمیں اس کی سزا دی جائے گی، ہمیں اس ملک میں بے عزت کیا جائے گا، ہمیں مجبور کیا جائے گا کہ ہم ایک دفعہ پھر ان دہشت گردوں کے خلاف جس کے پیچھے وردی ہے اس کے خلاف ہم بھی بندوق اٹھائیں، ہمیں بھی اس راستے پر ڈالنے کی کوشش کی جارہی ہے۔

جناب چیئرمین: مولانا صاحب میں advice کرتا ہوں کہ گورنمنٹ کا کوئی وزیر آئے، he should be present in the House, it is the collective

مصروف ہیں یا Interior Minister اگر responsibility of the Cabinet, جو Minister of State ہیں یا any other Minister should come and clarify this position, اگر آپ ادھر بات کریں گے there is nobody to take the note.

سینیٹر مولانا عطاالرحمان: ہمارے پاس تو کوئی اور جگہ نہیں ہے لیکن اگر Ministers آ جاتے ہیں، پھر آپ موقع دیتے ہیں میں اس پر اس وقت بھی بات کرنے کو تیار ہوں۔

Mr. Chairman: Senator Irfan-ul-Haque Siddiqui, some Minister should be here so that he can answer. Thank you, please Parliamentary Leader PTI.

## Further discussion on the Finance Bill 2025-26

### Senator Syed Ali Zafar

سینیٹر سید علی ظفر: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! میں نے بہت سارے budgets دیکھے ہیں اور آپ نے یقینی طور پر میرے سے بھی بہت زیادہ budgets دیکھے ہیں۔ لیکن پہلی بار میں نے ایسا بجٹ دیکھا ہے جو کہ excel sheet کی شکل میں ایک خیالی افسانہ ہو۔ میرا خیال ہے پرائم منسٹر صاحب اور فنانس منسٹر صاحب نے جو بجٹ پیش کیا ہے it is a parallel universe, انہوں نے بڑی ایک rosy سی picture بنائی ہے but the rest of Pakistan is suffering with inflation, unemployment and frustration.

تو آج میں چاہوں گا کہ میں اس بجٹ کے حقائق کو کھولوں اور دکھاؤں آپ کو کہ کس طرح یہ تباہی کی طرف ہمیں لے جا رہا ہے۔ جناب چیئرمین! ہر بجٹ کی ایک growth strategy ہوتی ہے یعنی ترقی کی حکمت عملی، اس بجٹ میں مجھے ترقی کی حکمت عملی کوئی نہیں نظر آئی، نہ FBR کا کوئی reform package ہے، نہ income tax کی کوئی policy ہے، نہ کوئی SME's کو privatize کرنے کی کوئی بات ہے، کسی قسم کی policy statement نہیں، ترقی کے اوپر کیا indicators ہیں کیا اقدامات ہیں اس کا کوئی ذکر نہیں۔ اگر آپ نے ترقی کے لیے حکمت عملی بنانی ہے تو آپ کو سوچ، عملی منصوبہ بندی اور جو آپ کے resources ہیں، اُن کا صحیح استعمال کرنا ہوگا۔ بد قسمتی سے PDM کی حکومت پچھلے تین سالوں سے جو سوچ رہی ہے وہ

صرف یہ ہے کہ عمران خان، جو کہ پوری دنیا کے icon ہیں، ان کو کس طرح جیل میں رکھا جائے۔ اُن کی ساری سوچ صرف اس طرح صرف ہو رہی ہے۔ وہ منصوبے بھی بناتے ہیں اور پچھلے تین سالوں سے وہ یہ منصوبہ بنا رہے ہیں کہ عمران خان اور PTI کے دیگر راہ نماؤں کے خلاف جھوٹے مقدمات کیسے بنائے جائیں۔ اس کے لیے resources اور وسائل کا بھی استعمال کیا جارہا ہے لیکن پچھلے تین سالوں سے جو بھی وسائل کا استعمال ہو رہا ہے وہ بدقسمتی سے عدلیہ کو control کرنے کے لیے اور کس طرح جھوٹے فیصلے ہوتے ہیں، اُس چیز کے لیے استعمال ہو رہے ہیں۔ جناب! وسائل اس لیے استعمال ہو رہے ہیں کہ PTI کے workers پر تشدد کیا جائے، اُس کے leaders کو جیل میں رکھا جائے اور وہ جو اپنا احتجاج کا آئینی حق استعمال کرنا چاہتے ہیں، اُس کو کس طرح سے روکا جائے۔

اس لیے مجھے کوئی تعجب نہیں ہوتا جب میں یہ کہوں گا کہ حکومت اُن نظریات کے دیوالیہ پن کا شکار ہے۔ There is a bankruptcy of ideas اور اُس چیز کی reflection اور اُس چیز کی عکاسی اس بجٹ میں ہو رہی ہے۔ جناب چیئرمین! میں اس بجٹ کے بارے میں یہ کہوں گا کہ یہ 'B' بجٹ نہیں بلکہ betrayal ہے۔ یعنی یہ پاکستان کے عوام کے ساتھ ایک دھوکہ ہے۔ بجٹ کا 'B' stands for betrayal. PTI اس بجٹ کے لیے ووٹ نہیں دے گی اور صرف اس لیے نہیں دے گی کہ عمران خان، ان کی اہلیہ اور ہمارے باقی leaders کے خلاف جو غلط اور بے بنیاد مقدمات ہیں، اُن کے خلاف ہم احتجاج کی صورت حال میں ہیں بلکہ ہم اس لیے بھی کہیں گے کہ اگر یہ بجٹ منظور ہوتا ہے تو یہ پاکستان کی تباہی کا سبب بنے گا جو میں ابھی آپ کو دکھاؤں گا۔

جناب چیئرمین! اس سے پہلے کہ میں بجٹ پر آؤں، پاکستان بھارت کے خلاف جنگ جیت چکا ہے۔ دنیا صحیح طور میں ہمیں آسمانوں کا بادشاہ تسلیم کرتی ہے۔ ہم اپنے آپ کو محفوظ سمجھتے ہیں اور یقینی طور پر ہم اللہ تعالیٰ کے شکر گزار ہیں کہ اُس نے ہمیں محفوظ رکھا لیکن اسرائیل کا ایران پر جو دہشت گردی کا حملہ ہے، اُس کے بعد ایک بات واضح ہو گئی ہے کہ یہ انڈیا اور اسرائیل کا ایک design تھا۔ پہلے انڈیا نے پاکستان پر حملہ کرنا تھا اور پھر اسرائیل نے ایران پر حملہ کرنا تھا۔ اللہ کا شکر ہے کہ ہم نے انڈیا کا حملہ تو ختم کر دیا لیکن اسرائیل نے جو حملہ کیا ہے، اس نے ایران کی اہم شخصیات کو شہید بھی کیا اور ایران کی atomic and energy installations کو بھی نقصان پہنچایا ہے۔ اس کے

لیے ہم اس کی سخت سے سخت مذمت کرتے ہیں اور کرتے رہیں گے لیکن یہ ہمارے لیے ایک warning بھی ہے اور وہ warning یہ ہے کہ اسرائیل نے جاسوسی، technology اور جدید ترین ہتھیاروں کا استعمال کیا ہے اور ہم نے اس کا مقابلہ کرنا ہے۔

جناب چیئرمین! پاکستان کے خلاف خطرہ ابھی ٹلا نہیں ہے۔ اس خطرے کو، اس جاسوسی کو، اس technology کو اور ان جدید ہتھیاروں سے نبٹنے کے لیے اور ان کا مقابلہ کرنے کے لیے ہمیں ایک مسلسل حکمت عملی کی ضرورت ہے، منصوبہ بندی کی ضرورت ہے اور سب سے بڑھ کر اتحاد کی ضرورت ہے۔ فوجی جنگ کے علاوہ اگر ہم نے قانونی جنگ جیتنی ہے اور اگر ہم نے سفارتی جنگ جیتنی ہے تو اس کے لیے سب سے ضروری چیز ہمارا اتحاد ہے۔

اس لیے میں PDM کی حکومت جنہوں نے یہ بجٹ پیش کیا ہے، ان سے request کروں گا کہ میری بات غور سے سنیں۔ ملک میں سیاست کو اُسی طرح چلنے دیں جیسے جمہوریت میں سیاست چلتی ہے۔ اپوزیشن کو اپنا دشمن نہ سمجھیں بلکہ اپوزیشن کو سیاسی مخالف سمجھیں۔ PTI پر ناانصافی، سیاسی دہشت گردی اور ظلم بند کرکے معیشت کی طرف دھیان دیں۔ سیاسی استحکام کے بغیر آپ کا یہ بجٹ کامیاب نہیں ہو سکتا۔ میری یہ بات غور سے سن لیں، میں آپ کو ایک بہت بڑی اور اہم warning دے رہا ہوں۔ ایران کے خلاف جو جنگ شروع ہوئی ہے، اس کو آپ پاکستان کے خلاف بھی ایک جنگ ہی سمجھیں۔

جناب، بجٹ کی طرف آتے ہیں۔ اس بجٹ میں روزگار کے مواقع پیدا کرنے کا کوئی منصوبہ نہیں ہے۔ Income tax کا rate بڑھانا یا اس میں کسی قسم کی رعایت دینا یا کوئی relief دینا، یہ صرف اُس وقت ضروری ہوتا ہے جب آپ کے پاس نوکری ہو۔ اگر آپ کے پاس نوکری نہیں ہوگی تو income tax بڑھانے سے آپ کو آمدنی نہیں ہونی اور کسی قسم کا relief دینے سے کسی کو بھی فائدہ نہیں ہوگا کیونکہ ان کے پاس نوکری نہیں ہے۔ میں نے اس بجٹ کو پورا غور سے پڑھا ہے۔ میں چار دن اس کو پڑھتا رہا ہوں اور افسوس کی بات یہ ہے کہ اس بجٹ میں کسی قسم کی حکمت عملی نظر نہیں آئی کہ employment کو، روزگاری کو اور نوکریوں کو کس طرح بڑھانا ہے۔ اس لیے میں کہتا ہوں کہ یہ بجٹ ہر گھر، ہر کسان، ہر طالب علم، ہر مرد، ہر عورت، ہر بزرگ اور ہر پاکستانی کے

خلاف یہ ایک بغاوت ہے۔ یہ 'B' جیسا کہ میں نے کہا کہ betrayal ہے اور 'B' بغاوت بھی ہے۔

حکومت نے اچھے دنوں کا وعدہ کیا تھا اور اس کے بجائے اگر ہم statistics پر نظر ڈالیں جو کہ میرے سامنے ہیں، تو ہم نے دیکھا کہ بے روزگاری کی شرح پچھلے تین سالوں میں جس طرح بڑھی ہے، آج تک record ہے کہ پاکستان میں یہ اس طرح کبھی نہیں بڑھی۔ Inflation کا record بھی ٹوٹ چکا ہے۔ کچھ statistics کے مطابق پچاس فیصد سے زیادہ پاکستانی غربت کی لکیر سے نیچے چلے گئے ہیں۔ میری نظر میں اگر حکومت witch hunt کرنے کے بجائے اور اپنے سیاسی حریفوں کا شکار کرنے کے بجائے اگر آدھا وقت بھی اس بات پر سوچتی کہ معیشت کو کس طرح ٹھیک کرنا ہے اور بجٹ پر غور کرتی تو ہم اس وقت Global Poverty Index میں سب سے نیچے نہ ہوتے۔

جناب چیئرمین! بجٹ میں کہا ہے کہ GDP کے growth rate کا target 4.2 percent ہوگا۔ جناب چیئرمین! یہ ایک غیر حقیقی target ہے۔ 42 percent نئے taxes لگے ہیں اور حکومت کہتی ہے کہ ہم 4.2 percent growth کریں گے۔ آپ کو پتا ہے کہ ہر قسم کی چیز پر tax لاگو ہو رہا ہے۔ میں سامنے دیکھ رہا ہوں کہ پٹرول پر tax بڑھا دیا گیا ہے، e-commerce پر tax بڑھا یا گیا ہے۔ pensioners تک کو نہیں بخشا گیا۔ یعنی آنے جانے پر، نقل و حرکت پر، کاروبار پر اور جتنے بھی retirees ہیں، ان سب پر tax ہے۔ آپ معیشت کو نچوڑ کر، اس کو بڑھانے کی بات نہیں کر سکتے۔ آپ صنعت کو over tax کرکے یہ expect نہیں کر سکتے کہ صنعت invest کرے گی۔ یہ clearly unrealistic GDP target ہے اور اس میں interesting بات یہ ہے کہ جو figures ہیں، انہیں بھی fudge کیا گیا ہے۔ اس 4.2 percent growth کے لیے جو statistics ہیں، ان میں یہ دکھایا گیا ہے کہ جیسے GDP میں live stock کی growth کو 4.8 percent دکھایا گیا ہے۔ جب اس 4.8 percent کے بارے میں Finance Minister صاحب سے پوچھا گیا کہ یہ figure کہاں سے آیا تو انہوں نے بتایا کہ یہ 2010 کی figure تھی، یعنی پندرہ سال پہلے کی figure استعمال کرکے 4.2 percent کی growth کو expect کیا جا رہا ہے اور سب سے

بڑی assumption جو آج ہی غلط ثابت ہو گئی، وہ یہ کہ petroleum کی prices کم رہیں گی۔ جو ایران اسرائیل کی جنگ ہوئی ہے، اس کے نتیجے میں petroleum prices بڑھ گئی ہیں اور سارے کے سارے بجٹ کی جو assumption تھی، وہ ختم ہو گئی ہے۔ جناب! اِن taxes کو بڑھا کر یہ کہنا کہ GDP بڑھے گی یا growth بڑھے گی، یہ بالکل اِسی طرح ہے جیسے کہ آپ ایک ہوائی جہاز کو انجن کے بغیر اڑانے کی کوشش کریں۔ ہوائی جہاز انجن کے بغیر نہیں اُڑ سکتا اس طرح یہ ٹیکسز لگا کر آپ کی growth نہیں ہو سکتی۔ جناب کاربن ٹیکس یہ ایک عجیب و غریب ٹیکس لگا ہے۔ پٹرولیم ٹیکس ہے اور اس کے اوپر کاربن ٹیکس بھی لگا دیا گیا ہے یعنی کہ ایک بے چارہ موٹر سائیکل جو چلا سکتا ہے اس کے اوپر بھی ایک کاربن ٹیکس ہے اور کاربن ٹیکس کیا ہے کہ ہم نے environmental project کرنے ہیں۔

جناب والا! حکومت کو شاید پتا نہیں ہے کہ دنیا کا جو index ہے اس پر پاکستان صرف 1% climate change کا ذمہ دار ہے یعنی ہماری جو total industry ہے وہ صرف climate change کو ایک فی صد نقصان دیتی ہے۔ اس کے لیے آپ نے کہا کہ green projects بنائیں گے، پاکستان کو "سبز" بنائیں گے۔ اس کے لیے میں آپ کو بتاتا ہوں Law Minister صاحب بھی موجود ہیں اور Finance Committee کے Head بھی یہاں بیٹھے ہیں۔ میں بتاؤں کہ آپ کے پاس پہلے سے climate projects کے لیے agreements کے تحت لاکھوں، کروڑوں ڈالرز کے فنڈز موجود ہیں جن کو آپ استعمال کر سکتے ہیں۔ آپ پاکستانی عوام سے کیوں کاربن ٹیکس لے رہے ہیں؟ یہ بالکل اسی طرح ہے کہ آپ already جس کے پاس کچھ بھی نہ ہو، اُس سے اور چیزیں مانگتے رہیں۔ یہ سمجھ سے باہر ہے۔

جناب والا! آپ economic policy دیکھئے، میں نے think tanks کی باتیں سنیں۔ Economic policy یہ ہے کہ آپ کاروبار کو بڑھائیں۔ کاروبار کو بڑھانے کے لیے میں نے جب comments سنے، فیڈریشن والے کہتے ہیں کہ اس بجٹ میں ہمیں جو نظر آ رہا ہے کہ ہر قسم کی industry ختم ہو جائے گی، بیٹھ جائے گی اور انہوں نے بہت سارے ٹیکسز کی بات کی ہے۔ مجھے یاد ہے کہ ہم نے بار بار، اسی پارلیمنٹ نے جس کی تاریخ بہت لمبی ہے بار بار FBR نے کوشش کی کہ ہمیں police powers دے دی جائیں۔ ہم police کی حرکت بھی کریں،

police powers بھی ہمارے پاس ہوں اور اس کے ساتھ ساتھ arrest کی powers بھی ہوں۔ ہم ساتھ ہی اس کا فیصلہ بھی کریں اور لوگوں کو جیل میں ڈال دیں لیکن پارلیمنٹ نے resist کیا۔ میں نے پہلی بار دیکھا ہے کہ کسی بجٹ میں FBR کو police powers دے دی جائیں۔ یہ ایک خوف وہراس کا ماحول پیدا کرنے کا بجٹ ہے۔ جناب میں آپ کو ایک مثال دیتا ہوں کہ Section 37AAA ہے جو یہ کہتا ہے کہ FBR کو اگر صرف شبہ ہو جائے کہ کوئی industrialist ٹیکس کا fraud کر رہا ہے، تو وہ اسے warrant کے بغیر arrest کر سکتا ہے۔ ایسی draconian powers میں نے آج تک دنیا میں کہیں نہیں دیکھی کہ tax collecting agency کو یہ طاقت دے دیں۔

(مداخلت)

سینیٹر سید علی ظفر: settle ہو جائے، لیکن حکومت نے تو کوشش کی، settle ہو جائے تو بہت اچھی بات ہے، لیکن اتنی بڑی بات۔ اس کے اوپر جو Economic Policy and Business Development Forum ہے وہ کہتا ہے کہ

FBR has been given unprecedented and excessive powers over business community, fundamental assault on business rights and economics, Mr. Chairman! It is against the policy of doing business, FBR has been made a police force. یہ ہیں statements جو حکومت کہتی ہے کہ ہم growth کے لیے بجٹ لا رہے ہیں

and look at the actual value of budget.

جناب والا! ایک اور بڑی عجیب و غریب بات tax on solar panels یہ حکومت کہتی ہے کہ green ہو جاؤ لیکن اس کے ساتھ عوام کو کہتی ہے کہ آپ green ہونے کا ٹیکس دو، جو عوام سورج سے مفت بجلی پیدا کر رہی ہے اور grid میں ڈال رہی ہے جس کی وجہ سے حکومت کو petrol کی import کا فائدہ ہو رہا ہے، آپ اسی solar panel پر 18% sales tax لگا رہے ہیں۔ اسی لیے میں کہہ رہا ہوں کہ سوچنے کی بجائے ساری توجہ صرف تین سال کے لیے عمران

خان صاحب کو جیل میں رکھنے کے لیے استعمال کی ہے۔ اصل میں معیشت کو درست کرنے کے لیے کسی قسم کی سوچ مجھے اس بجٹ کے پیچھے نظر نہیں آ رہی۔

(اس موقع پر ایوان میں ڈیسک بجائے گئے)

جناب چیئرمین! Increased tax on savings یعنی کہ یہ بچت والوں کے اوپر جنگ ہے۔ وہ لوگ جنہوں نے ساری عمر پیسہ کمایا اور بچایا، اپنی زندگی گزارنے کے لیے، اپنے بچوں کی زندگی گزارنے کے لیے، اُن کی جو savings ہیں اس تک کو نہیں چھوڑا، اس پر بھی ٹیکس increase کر دیا۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ بجٹ پنشنرز کے خلاف بھی ایک کھلی جنگ ہے۔

جناب چیئرمین! اس بجٹ کی سب سے بڑی جو Finance Minister صاحب نے ایک achievement کہی ہے کہ ہم نے تنخواہوں کو 10% increase کیا ہے اور pensions کو 7% increase کیا ہے۔ میں اس کو ایک علامتی تھپڑ کہتا ہوں، relief نہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ آپ پچھلے تین سال سے دیکھیں سال میں کبھی نہ کبھی inflation 20% ہو جاتی ہے۔ ابھی بھی inflation اسی کے ارد گرد گھوم رہی ہے۔ indirect taxes جو ہیں direct taxes نہیں indirect taxes بڑھ گئے ہیں۔ میں نے آپ کو بتایا 42% taxes زیادہ ہوئے ہیں۔ اس وجہ سے بجائے increase ہونے سے تنخواہیں اور پینشنز درحقیقت کم ہوئیں۔ اصل میں جو پیسا تنخواہ دار طبقے کے ہاتھ میں آتا ہے اس کو آپ نے ختم کر دیا ہے۔

جناب والا! agriculture کے بارے میں میرے PTI کے دوست اس پر تفصیل سے بات کریں گے۔ میں صرف یہ کہوں گا کہ اس بجٹ میں، اور جس طرح کی پالیسیز ہیں جیسے گندم کی درآمد اس وقت کی گئی جب ہماری اپنی فصل آنے والی تھی، اور جس قیمت پر کی گئی، جس طرح ہمارے کسان کو نقصان پہنچا اس پر تفصیلی بات ہو گی۔ میں صرف یہ کہوں گا کہ یہ بجٹ کسان کے لیے ایک "Roshan-less" پاکستان کا بجٹ ہے۔ اس کی details آپ کو ملیں گی۔

جناب والا! میں sales tax کی بات کروں جب آپ 18% sales tax لگاتے ہیں تو سارے کا سارا business informal sector کی طرف چلا جاتا ہے۔ آپ اس سے کاروبار کر ہی نہیں سکتے with 18% sales tax اس کی بجائے آپ ایک پالیسی بنائیں اور

18% sales tax کی بجائے 9% کریں تاکہ ایک ماحول پیدا ہو جس میں آپ کو growth کا advantage ہو۔ جناب! ایک اور عجیب و غریب بات ہے جس پر شاید غور کیا ہے ہماری Senate Finance Committee نے یا نہیں کیا لیکن مجھے تو بہت عجیب بات لگی کہ e-commerce پر بھی ٹیکس لگا دیا گیا ہے۔ جناب چیئرمین! E-commerce کیا ہے؟ e-commerce میں اور آپ نہیں کرتے یہ actually e-commerce وہ شخص کر رہا ہے جو کہ individual ہے۔ میں بہت ساری families کو جانتا ہوں ہم ان کو support بھی کر رہے ہیں جو کہ اپنے کمروں میں بیٹھ کر کچھ سلائیاں کرکے e-commerce کے ذریعے کپڑے بیچتے ہیں۔ جب آپ ان پر tax لگائیں گے تو ان کا business جو ان کی آمدنی کا ذریعہ ہے اس کو آپ تباہ کر دیں گے۔ حکومت کو یہ سمجھنے کی ضرورت ہے کہ e-commerce صرف جو بڑے platforms ہیں ان کی بات نہیں بلکہ جو انفرادی لوگ business کر رہے ہیں آپ ان کو جو نقصان پہنچا رہے ہیں آپ اس پر غور کریں۔

جناب والا! SMEs آپ کو یاد ہوگا ادھر قانون pass کیا گیا تھا، قانون یہ تھا کہ ہم boards بنائیں گے اور جب پوچھا گیا، ہم نے اس کو oppose کیا کہ یہ SMEs کے boards کیوں بنا رہے ہیں تو کہا گیا کہ boards اس لیے بنا رہے ہیں تاکہ وہ ہمیں privatization کے لیے پالیسی دیں۔ اس بات کو تین سال گزر چکے ہیں وہ boards ابھی تک قائم ہیں، ایک بھی SMEs privatize نہیں ہوئیں۔ اس وقت بھی ہم نے کہا تھا کہ یہ صرف پی ڈی ایم کی حکومت کے کمانے کا طریقہ ہے۔ وہ ایک کرپشن کا طریقہ ہے۔ یہ boards نہ بنائیں۔ آپ privatization نہیں کریں گے یہ boards تین سال بعد بھی اسی طرح رہیں گے اور وہی ہوا اس بجٹ میں بھی SMEs privatization کی کوئی policy نظر نہیں آئی۔

جناب والا! ، یہ کہتے ہیں کہ ہم نے tax-to-GDP ratio کم کر دی۔ بہت اچھی بات ہے اگر GDP زیادہ بڑھتی اور اس کے باوجود tax to GDP ratio کم ہوتی تو بڑا اچھا تھا۔ لیکن اصل میں GDP کم ہوئی ہے، اگر کمی کی وجہ سے tax ratio, GDP ratio درست ہوئی ہے تو یہ بجٹ کی achievement نہیں ہے بلکہ نظر آتا ہے کہ حکومت کی کارکردگی کتنی غلط رہی ہے۔

جناب ! آخر میں آپ کو میں PTI کی طرف سے کہنا چاہوں گا کہ PDM کی حکومت اس بجٹ کے ذریعے غربت کے راستے پر بمباری کر رہی ہے، ہمیں نامنظور ہے، ہم اس کے خلاف کھڑے رہیں گے۔ اس بجٹ میں ہماری جدوجہد کرنے والی جو middle class ہے ان کو ختم کرنے کا جو منصوبہ ہے ہم اس کے خلاف کھڑے رہیں گے، احتجاج کریں گے اور ہم بجٹ کو نہیں مانیں گے۔

جناب چیئرمین ! اس بجٹ میں جو کسان اور غریب عوام کو بھوکا رکھنے کی کوشش کی جارہی ہے ہم یہ نہیں ہونے دیں گے، یہ بھی PTI کا اس بجٹ پر بڑا clear mandate ہے۔ اس بجٹ میں ہمیں کوئی ترقی کا roadmap نہیں دکھایا۔ عوام مایوس ہے اور میں اسے *Shehbaz nomics* کہتا ہوں، یہ جو *Shehbaz nomics* ہے جس میں آپ shiny excel sheet دکھاتے ہیں اور آپ مختلف قسم کے نعرے لگاتے ہیں لیکن اصل میں کوئی حل نہیں ہے۔ ہم اس بجٹ کو reject کرتے ہیں۔

جناب چیئرمین ! ہمارا مطالبہ یہ ہے کہ ایک ایسا بجٹ ہونا چاہیے جو قوم کے مرد، عورت، ہر شخص، بزرگ، ہمارے کسان، ہمارے طالب علم اور ہمارے سرمایہ دار، پوری قوم کی روح کے مطابق ہو۔ ہمیں ایسا بجٹ نہیں چاہیے جس میں آپ قوم کے ساتھ experiment ہی کرتے رہیں، قوم کو بہتری چاہیے، بہتر excel sheet نہیں، بہتر زندگی چاہیے اور یہ بجٹ یہ سب کچھ دینے میں بالکل ناکام ہوتا ہے۔ بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: سینیٹر دنیش کمار صاحب۔ موجود نہیں ہیں۔ میں فہرست کے مطابق چل رہا ہوں۔ سینیٹر پلوشہ محمد زئی خان صاحبہ۔ مجھے یہ فہرست ملی ہے۔

سینیٹر پلوشہ محمد زئی خان: جناب چیئرمین ! اگر مجھے کل موقع دے دیں۔

جناب چیئرمین: چلیں ٹھیک ہے۔ دیکھیں PTI کے تین speakers بول چکے ہیں اور ابھی میں نے اس طرف سے کسی کو موقع نہیں دیا ہے۔جی سندھو صاحب۔ عرفان الحق صدیقی صاحب نے مجھے جو فہرست دی تھی اس میں یہ پہلے نمبر پر ہیں۔

**Senator Khalil Tahir**

سینیٹر خلیل طاہر: بہت شکریہ، جناب چیئرمین !

کھلا کھلا ہو یہ جہاں، دھلا دھلا سماج ہو

تیری زمیں پہ اے خدا محبتوں کا راج ہو
رکھیں نہ دل میں بیر ہم سبھی کی چاہیں خیر ہم
سبھی کی ایک آن ہو سبھی کی ایک لاج ہو
سمندروں کی وسعتیں دلوں میں ہم اتار لیں
جو کل تلک نہ ہو سکا وہ نیک کام آج ہو

جناب چیئرمین! with utmost respect، کافی دنوں سے بجٹ پر تقاریر ہو رہی ہیں اور میں دیکھ رہا ہوں کہ ہماری اپوزیشن کے بھائی اور بہنیں تنقید برائے تنقید کر رہے ہیں۔ میں ان سے صرف اتنا پوچھنا چاہتا ہوں کہ اس گلشن کو اجاڑا کس نے تھا۔ IMF کے پاس کون گیا تھا کہ پاکستان کے ساتھ آپ معاہدہ نہ کریں۔ اس وقت جب یہ کر رہے تھے اس وقت ڈالر کا کیا rate تھا اور جب ہم نے معلوم نہیں کتنے ترلوں اور منتوں سے کیا تھا اس وقت ڈالر کا rate کہاں چلا گیا تھا۔ کس نے خطوط لکھے تھے، کون ہے جو GSP-Plus کے بارے میں باہر خط لکھ رہا ہے، کون ہے جو امریکہ میں بسوں کے پیچھے پاکستان کے خلاف پوسٹرز لگا رہا ہے۔ جب آپ کانٹے بوئیں گے تو پھر:

تم نے ہر کھیت میں انسانوں کے سر بوئے ہیں
اب زمین خون اگلتی ہے تو شکوہ کیسا

یہ آپ ہی کا سارا پیدا کردہ ہے اور I have a lot of respect for سینیٹر علی ظفر صاحب، ہمارے استادوں میں سے ہیں، میرا یقین ہے کہ جو admitted facts ہیں کم از کم انہیں تو ماننا چاہیے، جس طرح ہم بھی سمجھتے ہیں کہ there is no any rosy picture ابھی بہت کچھ کرنے والا ہے، there is always room for the improvement, but there are so many admitted facts and first of all آپ نے دیکھنا ہے کہ political will ہے یا نہیں ہے،
there is a political will behind this budget.
جناب چیئرمین! پھر ہم نے دیکھنا ہے کہ is there any good intention behind the budget? Yes, there is a good intention behind the budget. پھر ہم نے دیکھنا ہے کہ ہماری ترجیحات کیا ہیں۔ ہم اپنی priorities کو کس طرح سے set کرتے ہیں۔ جس قسم کی مہنگائی ہے اور جس قسم کے حالات سے ہم گزر رہے ہیں،

میں ان حالات میں ہمارے وزیراعظم اور ہمارے وزیر خزانہ کو مبارک باد دیتا ہوں کہ ان حالات میں جو بجٹ پیش کیا گیا ہے ان حالات میں اس سے اچھا بجٹ شاید پیش نہیں کیا جا سکتا تھا لیکن میں پھر بھی کہوں گا کہ ,there is always room for the improvement ابھی ترجیحات میں اور زیادہ بہتری آئے گی اور لوگوں کے لیے جسم کا روح سے رشتہ برقرار رکھنا آسان ہو گا۔

جناب چیئرمین! admitted facts کیا ہیں۔ تنخواہوں پر انکم ٹیکس کی شرح میں کمی کی گئی ہے، ,this is admitted fact بجٹ میں جائیداد کی خریداری پر withholding tax کی شرح 4% سے کم کر کے 2.5% کی گئی ہے، .this is admitted fact سٹاک مارکیٹ میں تیزی سے سرمایہ کاری ہو رہی ہے، لوگوں نے بجٹ پر اعتماد کا اظہار کیا ہے، yes this is admitted fact. پھر جناب! بجٹ کے بعد سٹاک مارکیٹ کے KSE 100 index میں 1571 points کا اضافہ ہوا ہے، ?is it not an admitted fact پھر دیکھنا ہے کہ بازار میں 1.04 ارب shares کے سودے 46.7 کے تحت پہنچ چکے ہیں، is it not an admitted fact? پھر مالی گنجائش کے مطابق ہی relief دیا جا سکتا ہے جس کسی کو بھی دینا ہے۔ مجموعی طور پر 7000 tariff lines پر سے 4000 tariff lines کو صفر کر دیا گیا ہے، is it not an admitted fact? پھر جناب market capitalization 226 billion سے بڑھ کر 14994 ارب روپے ہو گیا ہے، is it not an admitted fact?

جناب چیئرمین! اب میں remittances کی بات کروں گا۔ بیرون ملک پاکستانیوں کو لکھا گیا کہ آپ نے پاکستان میں remittances نہیں بھیجنی، لیکن اس میں ریکارڈ اضافہ ہوا ہے۔ جب remittances میں ریکارڈ اضافہ ہوا ہے تو کیا یہ موجودہ حکومت، اس کے vision پر، اس کے allies اور طریقہ کار پر اعتماد کا اظہار نہیں ہے۔ سعودی عرب سے 94.39 کروڑ ڈالرز آئے، متحدہ عرب امارات سے 75 کروڑ 42 لاکھ ڈالرز آئے ہیں، برطانیہ سے 5.36 ارب ڈالرز آئے ہیں، امریکہ سے 3.43 ارب ڈالرز آئے ہیں، EU سے 4.1 ارب ڈالرز بھیجے گئے ہیں، جناب چیئرمین! یہ ہیں ترجیحات، کہ آپ کی ترجیحات کیا ہیں۔ کیا سرمایہ دار آپ کے اس پروگرام پر اعتماد کرتا ہے یا نہیں کرتا؟

جناب چیئرمین! چونکہ میں economist نہیں ہوں اور ایک legal person ہوں، لیکن میں چاہتا ہوں کہ جو چیزیں درست ہیں۔ ابھی منسٹر صاحب بیٹھے ہیں تو میں ان سے کہوں گا کہ آپ نے Human Rights کا بجٹ کم کیا ہے یہ بہت بڑی زیادتی ہے، اسے پورا کریں کیونکہ دیکھیں کہ انٹرنیشنل سطح پر، if we are living in the global village and global market تو ہمیں اس کے مطابق چلنا پڑے گا، اسے جتنا تھا کم از کم اتنا ہی کر دیں یا اسے اور زیادہ بڑھا دیں۔ Human Rights آپ کے GSP-Plus status کے ساتھ Generalized Scheme of Preferences کے ساتھ بھی بات کرتا ہے اور 27 conventions جن کے ہم signatory ہیں ان کی بات بھی کرتا ہے تاکہ لوگوں کی export بڑھے۔ اس کے علاوہ کل عرفان صاحب نے اکادمی ادبیات کے حوالے سے کہا، آپ کا تعلق ادب، شاعری اور فلاسفی سے ہے، وہ ادارے ختم کرکے انہیں یونیورسٹیوں کو دینا چاہ رہے ہیں، خدا کے لیے یہ ظلم نہ کریں، ان اداروں کی شناخت قائم رہنے دیں تاکہ لوگ اپنے طریقے سے بیٹھ کر سوچ سکیں، بات کر سکیں۔ اگر دانشوروں کی تعداد کم ہو جائے گی تو پھر جہالت Prado پر سوار رہے گی، عقل مند لوگ تو سڑکوں پر پیدل چلتے پھرتے رہیں گے۔

جناب چیئرمین! آپ کا بہت شکریہ۔ I think, I have taken only five minutes میں آخر میں ایک شعر کے ساتھ آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور کسی کا نام نہیں لوں گا (پنجابی شعر)۔ بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: سینیٹر سید مسرور احسن صاحب۔

**Senator Syed Masroor Ahsan**

سینیٹر سید مسرور احسن: جناب چیئرمین! آپ کا بہت بہت شکریہ کہ آپ نے مجھے موقع دیا، آپ بہت تجربہ کار آدمی ہیں، آپ وزیراعظم رہ چکے ہیں، آپ سپیکر رہ چکے ہیں، ریلوے کے منسٹر رہ چکے ہیں اور اب سینیٹ کے چیئرمین ہیں۔ آج مجھے یہ اعزاز حاصل ہو رہا ہے کہ میں پہلی مرتبہ آپ کے سامنے اپنا نقطہ نظر بیان کروں گا۔

جناب چیئرمین! سب سے پہلے تو میں یہ کہوں گا کہ یہ اس ملک کا IMF کا چوبیسواں بجٹ ہے اور ہر بجٹ جب پیش کیا جاتا ہے تو یہ کہا جاتا ہے کہ یہ آخری بجٹ ہو گا، شاید جو وزیر خزانہ آتے ہیں

ان کا یہ آخری بجٹ ہو کیونکہ ہمارے ملک میں تو وزیر خزانہ آتے رہتے ہیں۔ ہم میں سے کوئی وزیر خزانہ نہیں ہوتا اور پھر یہ کہا جائے کہ سب اچھا ہے تو جالب نے کہا تھا:

پھول شاخوں پر کھلنے لگے تم کہو

جام رندوں کو ملنے لگے تم کہو

میرا تعلق سندھ سے ہے اور ایک ایسے صوبے سے ہے جہاں ہم پندرہ بیس سال سے مستقل حکومت میں ہیں اور مجھے اس بات پر فخر ہے لیکن میں وفاق سے ہاتھ جوڑ کر یہ گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ آپ کوئی ایسی policy نہ بنائیں، چھوٹے صوبے ویسے ہی احساس محرومی کا شکار ہیں اور تقریباً ہر چھوٹے صوبے میں بے چینی ہے۔ صرف ایک tik tok صوبے میں بے چینی نہیں ہے، جہاں صرف tik tok چلتا ہے۔

جناب چیئرمین! میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ ہمارے ساتھ یہ ناانصافی ہو رہی ہے کہ پہلے Pak-PWD تھا، جس کے تحت ہماری schemes چل رہی تھیں لیکن Pak-PWD کو ختم کر دیا گیا اور اس کے بعد ہماری schemes کو وفاق خود چلانا چاہتا ہے اور وہ ہمارے صوبے کو manage کر رہا ہے۔ جب کہ باقی تین صوبوں میں وفاق نے ان کو وہ schemes دے دی ہیں کہ وہ اپنے طور پر ان schemes کو چلائیں۔ ہم سے وفاق بہت سارے وعدے کرتا ہے اور ان وعدوں پر پورا نہیں اترتا، صرف باتیں کرتا ہے۔ جیسے مثال کے طور پر کراچی، حیدرآباد، سکھر ہائی وے، موٹروے جس کا آپ نے ہم سے وعدہ کیا تھا اور ہر سال جب بھی میں تقریر سنتا ہوں کہ یہ موٹر وے اب مکمل ہو جائے گی لیکن آپ نے 400 billion میں سے ہمیں صرف 15 billion rupees دیے ہیں جو کہ 26 years کے بعد موٹروے مکمل ہو گا۔ حیدرآباد سکھر موٹروے جو کراچی جو کہ معاشی hub کہلاتا ہے، کراچی سے سارے پاکستان کو connect کرتا ہے، حیدرآباد سکھر موٹروے لیکن آپ نے ہمیں بہت ہی مختصر رقم دی ہے۔

دوسری بات، کراچی کے لوگ پانی کے لیے چیخ رہے ہیں۔ ہر جگہ آلاتش آلاتش کی صدائیں ہیں لیکن آواز سننے والا کوئی نہیں ہے۔ ایک سال پہلے ہمارے ملک کے قابل احترام وزیراعظم صاحب صوبہ سندھ میں آئے تھے K-IV منصوبے کے سلسلے میں، انہوں نے ہم سے وعدہ کیا تھا کہ ہم K-IV منصوبے کے لیے ان شاء اللہ بہت جلدی آپ کو تمام رقم دیں گے تاکہ کراچی کے لوگوں کا پانی کا

مسئلہ حل ہو جائے۔ لیکن 150 billion روپے میں سے ہمیں صرف 3.2 billion روپے دیے گئے ہیں۔ بتائیے کہاں ہے پانی! ہمارے ساتھ ایسا سلوک کیوں ہے۔ ہر جگہ موٹروے بن رہی ہے، ہر جگہ کام ہو رہا ہے۔ صوبہ سندھ کی بات آتی ہے، چھوٹے صوبوں کی بات آتی ہے تو پھر یہی کہا جاتا ہے کہ ابھی ہمارے پاس funds نہیں ہیں کیونکہ World bank نے ہم سے کہا ہے، ہر بات پر ہم سے کہا جاتا ہے کہ World bank نے ہم سے کہا ہے۔

India نے ایک دفعہ 1991 or 1992 میں IMF سے loan لیا تھا اور آج تک انہوں نے دوبارہ loan نہیں لیا۔ ہم تو 24 years سے loan لے رہے ہیں، مستقل loan رہے ہیں اور پھر K-IV کے منصوبے کے لیے ہمیں 150 billion میں سے صرف 3.2 billion rupees دیے جا رہے ہیں۔ یہ پانی کا منصوبہ معلوم نہیں کب مکمل ہو گا۔ میری گزارش ہے کہ ہمارے Deputy Prime Minister, Leader of the House بہت ہی محترم یہاں بیٹھے ہوئے ہیں لیکن وہ میری فریاد کو سنیں، میرے آنسوں کو خشک کرنے کی کوشش کریں، اپنی جیب سے رومال نکالیں۔ چھوٹے صوبے ویسے ہی رو رہے ہیں ان کے آنسوؤں کو صاف کرنے کی کوشش کریں۔

آپ نے higher education کی مد میں سندھ کو کہا تھا کہ 4870 million روپے دیں گے لیکن آپ نے ہمیں اس کا آدھا دیا ہے۔ جب ہم نے آپ سے بات کی تو آپ نے کہا کہ ہم اس کو اگلی meeting میں decide کریں گے لیکن ہمیں صرف 2610 million روپے ملے ہیں باقی ہمیں نہیں ملے۔ جناب چیئرمین! آپ کے توسط سے ہم اپنی وفاقی حکومت سے یہ گزارش کرتے ہیں دیکھیں PPP ایک وفاقی پارٹی ہے۔ ہم چاروں صوبوں کو ساتھ لے کر چلنا چاہتے ہیں اور ہم یہ چاہتے ہیں کہ پاکستان چاروں صوبوں کی پہچان یہ وفاق پاکستان ہے لیکن اگر ہم نے اس سے ناانصافی کی تو ویسے ہی چھوٹے صوبے محروم ہیں، رو رہے ہیں اور روتے رہیں گے۔

ہم نے کہا، وزیر اعظم صاحب نے کہا کہ ہم عام لوگوں کو relief دینا چاہتے ہیں، عام لوگوں کو relief دینا چاہتے ہیں۔ غریبوں نے کہا کہ بہت اچھی بات ہے انہوں نے اپنی خود انحصاری پر solar panel لگانے شروع کر دیے۔ اب solar panel لگا دیے آپ نے ایک دم سے

solar panel پر tax 18% لگادیا۔ بتائیے ہم کہاں سے وہ لائیں گے، پہلے تو ہم بازار میں جاتے تھے خود ہی خریدتے تھے اپنی چھت پر لاتے تھے اور لگادیتے تھے۔ اب میں سمجھتا ہوں کہ یہ اس لیے کیا گیا ہے کہ آپ غریبوں کو مجبور کریں کہ مہنگی قیمت پر بجلی خریدی جائے جو آپ نے بجلی کی companies سے معاہدے کیے ہیں۔ میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ بجلی پیدا کرنے والی companies کو حکومت capacity charges کی مد میں 2.1 million روپے ادا کر رہی ہے، وہ کیوں ادا کر رہی ہے۔ اگر solar panel لگ جائے گا تو پھر یہ کہاں جائیں گے، solar panel صرف غریبوں کی ضرورت ہے اور بجلی کا بحران تب پیدا ہوا، جب June, 2024 میں بجلی پیدا کرنے والی companies نے subsidy کے نام پر بجلی کی قیمتوں میں 20% اضافہ کر دیا گیا۔ آپ اس لیے چاہتے ہیں کہ solar panel ختم کر دیے جائیں اور غریب بے چارے پریشان ہوتے رہیں۔

میری پارٹی کی policy clear ہے اور میں بالکل کھل کر یہ بات کہتا ہوں کہ اگر جس طرح تینوں صوبوں کو وفاق کی Pak-PWD کی policy ختم کرنے کے بعد تینوں صوبوں کو دی گئی ہے۔ تمام منصوبے ہماری صوبائی حکومت کو دیے جائیں ہم خود وہ کام کریں گے جس طرح باقی صوبوں کو آپ نے دیے ہیں۔

جناب چیئرمین! بات کرنے کے لیے بہت کچھ ہے۔ آپ نے کوئی policy نہیں بنائی، آپ صرف کہتے ہیں کہ ہم electric vehicle policy بنائی ہے، کوئی policy نہیں بنی۔ میں اس Standing committee کا ممبر ہوں جس میں چیئرمین عون عباس سیکرٹری صاحب نے، وہاں سیکرٹری صاحب نے کہا کہ ہم نے کوئی policy نہیں بنائی، سلیم مانڈوی والا صاحب کی قیادت میں تین رکنی کمیٹی بنی ہے۔ وہ policy نہیں ہے۔ پینے کے صاف پانی کا بحران سارے پاکستان کے لوگوں کو ہے لیکن پینے کے صاف پانی کی کوئی policy نہیں ہے۔ آپ کو Indian Ocean Tuna Commission سے Tuna جو 25000 ton fish پکڑنے کا contract ملا ہے لیکن آپ ماہی گیروں کے لیے کوئی fisheries development fund نہیں بنا رہے۔ ہم اپنے ملک میں shrimp seeds خود پیدا کر سکتے ہیں مگر بیج پیدا کرنے کے لیے آپ نے کہا کہ باہر سے منگوائیں گے۔ ڈالر باہر سے منگوائیں گے۔

آپ نے ہم پر Carbon levy لگا دی ہے کیونکہ آپ Carbon levy کے نام پر دنیا کو دکھائیں کہ ہم climate پر کام کر رہے ہیں تاکہ بین الاقوامی دنیا آپ کو fund دے اور آپ پھر معلوم نہیں کہ کیا کریں۔ میری گزارش ہے کہ Carbon levy جو کہ آپ نے لگائی ہے وہ ختم کی جائے کیونکہ اس سے گاڑیوں کی قیمت بڑھے گی۔ غریب تو بڑی گاڑیوں پر سفر نہیں کرتا، غریب تو Vigo پر نہیں چلتا، غریب تو Land Cruiser پر نہیں چلتا۔ آپ نے Alto %18 پر بھی لگا دی، آپ نے Vigo پر بھی %18 لگا دیا اور پھر World bank آپ کو loan دیتا ہے۔ ڈالر میں خریدو، ڈالر میں پٹرول لو، روپے سے پٹرول خریدو، ڈالر میں پیسہ باہر بھیجو۔ یہ کون سا انصاف ہے۔

آپ کی policy export پر ہے لیکن آپ اس طرف کوئی توجہ نہیں دے رہے۔ میری گزارش ہے کہ میری ان باتوں کو غور سے سنا جائے اور میں کہتا ہوں کہ وہ غیر پیداواری اخراجات جو کہ تقریباً 220 billion$ بنتے ہیں، اب تو Word Bank کہتا ہے کہ آپ اپنے غیر پیداواری اخراجات کو کم کریں لیکن آپ اس طرف توجہ نہیں دے رہے ہیں۔ غیر پیداواری اخراجات مراعات کے نام پر آپ دیتے ہیں۔ اس کو ختم کرنا چاہیے۔ میری گزارش ہے کہ اس کے بعد سب سے اہم مسئلہ مزدوروں کا ہے۔ آپ کہتے ہیں کہ PIA بیچیں گے۔ آپ کہتے ہیں کہ اسٹیل ملز بیچیں گے۔ ہم کہتے ہیں کہ Public Private Partnership کے تحت یہ سب کچھ چلاؤ۔ لیکن آپ PIA بیچنے گئے تھے۔ یہاں پر تو PIA کا کوئی خریدار ہی پیدا نہیں ہوا۔ انڈیا میں Air India جب بک رہی تھی تو وہاں تین مرتبہ bid ہوئی۔ کوئی لینے والا نہیں تھا لیکن چونکہ انہوں نے قومی سرمایہ دار پیدا کیا تھا تو وہاں TATA نے خرید لی۔ ہمارے ہاں تو کوئی TATA نہیں ہے۔ ہمارے ہاں تو کوئی امبانی نہیں ہے۔ ہمارے ہاں تو کوئی قومی سرمایہ دار نہیں ہے کیونکہ ہمارے مفادات باہر کے ہیں۔ مزدوروں کو جس انداز سے downsizing and rightsizing کے نام پر نکالا جا رہا ہے۔ یہ بہت تشویش ناک بات ہے۔ اس لیے کہ پیپلز پارٹی نے، میں نے محترمہ بے نظیر بھٹو صاحبہ کے ساتھ کام کیا ہے، انہوں نے کہا کہ اگر تم کسی کو نوکری دے نہیں سکتے تو تمہیں نکالنے کا بھی کوئی حق نہیں ہے۔ تم ایسے ذرائع پیدا کرو کہ جس میں لوگوں کو روزگار ملے۔ آپ کیا کرتے ہیں۔ آپ نے اسٹیل ملز سے تیرہ سو لوگوں کو اچانک عید سے چار دن پہلے نکال دیا۔ آپ نے یوٹیلیٹی سٹورز سے

اچانک نکال دیا۔ بھئی! آپ ان کے سی بی اے کے نمائندوں کو بلائیں۔ ان سے بات کریں اگر آپ ان کو ایک اچھا گولڈن ہینڈ شیک دے سکتے ہیں۔ ان سے بات کریں۔ سی بی اے والے پاگل نہیں ہے۔ وہ بھی ان کے منتخب نمائندے ہیں۔ تو ان کی طرف بھی توجہ دی جائے اور جس طریقے سے یہ rightsizing and downsizing کے نام پر کام ہو رہا ہے وہ ختم کیا جائے۔

جناب چیئرمین! 26-2025 کے بجٹ کے مطابق بے روزگاری 6.3% ہے۔ جس میں سے پندرہ سے پینتیس سال کی عمر کے نوجوان سب سے زیادہ متاثر ہیں۔ جبکہ پندرہ سے چوبیس سال کی عمر کے 44.9% روزگار کے متلاشی ہیں۔ پاکستان دنیا کی 6th largest labor force ہے۔ پاکستان 71.8 million labor force کے ساتھ عالمی دنیا میں افرادی قوت کے لحاظ سے چھٹی لیبر فورس ہے۔ ہر سال بیس لاکھ نوجوان پاکستانی لیبر مارکیٹ میں شامل ہوتے ہیں جبکہ طلب اور رسد کے درمیان فرق ہے۔ مردم شماری 2023 کے مطابق 241.5 million پاکستان کی آبادی ہے جبکہ 2.5 کی شرح سے سالانہ اضافہ ہو سکتا ہے۔ اس میں نوجوانوں کی کل آبادی 15 سے 29 سال کی 62.5 million یعنی 26% ہے۔ آبادی کا 40% حصہ 14 سال کی عمر کے گروپ میں آتا ہے۔ اس حساب سے 2030 میں 100 million نوجوان ہوں گے، ان نوجوانوں میں سے 30% نوجوان بے روزگار ہیں۔ اگر آپ لوگوں کو روزگار نہیں دیں گے، آپ بنیادی صنعتیں نہیں لگائیں گے تو اس ملک کا یہی حال ہوگا۔ آپ نے کیا کیا ہے۔ آپ نے صرف فنڈ میں کمی کر دی ہے۔ آپ نے Food Security and Research کی PSDP 19.674 million کم کر دی ہے۔ آپ نے ریلوے کے 12.585 million کم کر دیے۔ Science and Technology کے PSDP میں 1.857 million کم کر دیے۔ SUPARCO کے PSDP میں 18.69 million کم کر دیے۔ Water Resources کے PSDP میں 5.1174 million کم کر دیے۔

جناب چیئرمین! آخر میں کہتا ہوں کہ جب آپ NFC دیں گے تو 2023 کی census کی بنیاد پر آپ کو NFC دینا چاہیے۔ ہاں! دوسری ایک اور بات یاد آ گئی۔ ریونیو کے چکر میں آپ نے ریونیو کمشنر کو اختیارات دے دیئے کہ صنعت کاروں کو گرفتار کرو۔ اللہ تیری شان۔ ابھی تک تو غریب ہی گرفتار ہوتے تھے۔ نیب کے نام پر سیاستدانوں کو گرفتار کیا جاتا تھا، اب انکم ٹیکس کمشنر کو آپ

اختیارات دے رہے ہیں کہ وہ سیاستدانوں کو گرفتار کریں گے۔ وہ مزے کریں گے اور ہم تو پریشان ہوتے پھیریں گے۔

جناب چیئرمین! Industries and Production Division کے PSDP میں آپ نے 2.365 ملین روپے کم کر دیے۔ Narcotics Division کی PSDP آپ نے ختم کر دی جبکہ پچھلے سال 170 ملین تھی۔ جناب چیئرمین! ہم نے تو تنخواہ بڑھانے کا مطالبہ کیا تھا۔ وزیر خزانہ صاحب نہیں ہیں۔ نہیں تو میں ان سے گزارش کرتا۔

Mr. Chairman: All the Ministers are siting.

سینیٹر سید مسرور احسن: دو منٹ۔ وزیر خزانہ صاحب ہوتے تو میں کہتا کہ جناب۔

Mr. Chairman: It is the collective responsibility and the Deputy Prime Minister are siting.

سینیٹر سید مسرور احسن: وزیر خزانہ صاحب ہوتے تو میں کہتا کہ جناب! آپ کے گھر کے باہر ایک غریب مسکین جس کی پینتیس ہزار روپے تنخواہ ہے ذرا آپ اس کے گھر کا بجٹ تو بنا دو، آپ نہیں بنا سکتے۔ بنا کے دیں، نہیں ہوں گے، یہ پاکستان سے صرف World Bank کا بجٹ پیش کر کے چلے جائیں گے۔ میں کہتا ہوں دیکھئے ہم نے اگر اس ملک کی اٹھانوے فیصد آبادی کے ساتھ جو محنت کرتے ہیں اور اپنی محنت کو بیچتے ہیں اور اس محنت کو بیچنے کے بعد ان کو اس کی اجرت ملتی ہے۔ اگر آپ نے ان کے ساتھ ناانصافی کی تو یقین جانیے آنے والا وقت پھر آپ کو نہیں پوچھے گا۔ پھر یہ اشرافیہ نہیں ہوگی۔ صرف مزدور اور کسان ہوں گے۔ ہاں! کسانوں پر غضب ہو گیا۔ اربوں روپے کی PASSCO میں لوٹ کھسوٹ ہوئی۔ کوئی پکڑا گیا؟ نہیں۔ کیوں نہیں پکڑا گیا۔ جی، کرپشن ہوئی ہے۔ ہم نے اس کو ختم کرنا ہے۔ ہم دوسرا ادارہ بنا رہے ہیں۔ بھئی! جو چور ہیں اس کو پکڑو۔ اگر آپ نے چور کو نہیں پکڑا تو کیا ہوگا۔ ایسے آپ Charge لگاتے ہوئے سب کو باہر پھینکتے چلے جاؤ اور لوگ پھر آزادی سے جائیں۔ جناب چیئرمین! میں اپنے پیسے کو، میں اپنے ملک کی دھرتی کو، میں اپنی زمین کو اس طرح ظالموں کے ہاتھوں لٹتے ہوئے نہیں دیکھنا چاہتا اور ہم آخری آدمی ہوں گے جو پاکستان کی حفاظت کے لیے اپنی جان دیں گے۔

Mr. Chairman: This House welcomes the students and faculty members of the Green Land Public School

System, Rawat Bhurban Murree, who are seated in the visitor's gallery. Senator Sahib,Your time is over.

سینیٹر سید مسرور احسن: ایک آخری بات، نیتن یاہو نے تین دن پہلے ایک بیان دیا۔ اس نے کہا ایران کے بعد پاکستان کے جوہری پروگرام کو ہم دیکھتے رہیں گے۔ اوئے نیتن یاہو! ذوالفقار علی بھٹو شہید نے کہا تھا کہ Moshe Dayan تیری دوسری آنکھ بھی ہم نکال دیں گے۔ ہم کہتے ہیں کہ تیری دونوں آنکھیں نکال دیں گے۔ پاکستان کی طرف جس نے بری نظر سے دیکھا۔ پاکستان کی فوج زندہ فوج ہے۔ پاکستان کی فوج بنیان المرصوص پر لڑ رہی ہے۔ فیلڈ مارشل کی قیادت میں ہم سب کو بھگت لیں گے۔ شکریہ۔

Mr. Chairman: Yes, Leader of the House.

**<u>Senator Mohammad Ishaq Dar, Leader of the House</u>**

سینیٹر محمد اسحاق ڈار: شکریہ۔ جناب چیئرمین! ابھی honourable Member نے بھی کچھ اشارہ کیا اور آپ نے دیکھا کہ پچھلے چند دنوں سے خاص کر تیرہ جون کے بعد بے پناہ جھوٹی خبریں پھیلائی جا رہی ہیں۔ یہ تو fake news نہیں ہے جو انہوں نے نیتن یاہو کی جو بات کی ہے۔ یہ clip جو ہے وہ ان کا نومبر 2020 کا ایک انٹرویو ہے۔ We are watching it in Foreign Office very minutely and carefully کہ کیا ہو رہا ہے اور کیا بات ہو رہی ہے۔ کیونکہ fake news کے چلانے کی بھرمار ہے۔ انڈیا کا جو پاکستان کے ساتھ conflict ہوا تو اس میں مثلاً مجھے ایک graphic بنا کر دکھایا گیا۔ میں کہہ رہا ہوں کہ اگر ہم اپنے نیوکلیئر پروگرام roll back کر دیں تو 70% قرضہ ادا ہو سکتا ہے۔ I never said that. تو اس طرح کی یعنی گمراہ کن، misinformation. وزارت اطلاعات بھی fact check کے نام پر اس کو دیکھ رہی ہے۔ چار پانچ اور ادارے اس وقت اسے دیکھ رہے ہیں۔ اخبارات اور کچھ ٹیلی ویژن چینلز نے بھی independently, forensic check کرنے کے لیے اپنا system setup کیا ہے۔ مثلاً کل صدر ٹرمپ صاحب کا ایک کلپ چل رہا تھا جس میں وہ کہہ رہے ہیں کہ پاکستان کے خواجہ آصف نے یہ کہا اور وہ کہا۔ جب ہم نے check کیا تو پتا چلا کہ it was AI generated clip and it was a fake clip. لہٰذا، میں صرف یہ

عرض کر رہا ہوں کہ ہم سب کو، میرے سمیت، بہت محتاط ہو کر بات کرنی چاہیے۔ یہ کوئی بچوں کا کھیل نہیں ہے۔ یہ ایک serious قسم کی war شروع ہو چکی ہے جیسے ہماری انڈیا پاکستان کی تھی۔

ہماری پوری کوشش تھی کہ جو dialogues امریکہ اور ایران کے ہو رہے تھے، وہ کامیاب ہوں۔ I must appreciate کہ وزیر خارجہ اومان اور وزیر خارجہ ایران نے مجھے throughout the process, loop میں رکھا۔ ان کے تقریباً چار rounds ہوئے، مسقط میں بھی ہوئے، روم میں بھی ہوئے لیکن مسقط اومان میں امریکہ کی embassy کے اندر ہوئے۔ ابھی ان کا 15 جون کو ایک detailed round due تھا۔ 15 جون سے پہلے 13 جون کی صبح یہ کام ہو گیا۔ اب اس کے جو consequential معاملات ہیں، سب سے پہلے country کی طرف سے statement دی، میں نے یہاں share کر لی تھی، اس کے بعد اس ہاؤس نے statement دی، وہ بھی widely دنیا میں circulate ہوئی، انہوں نے دیکھا ہے کہ ہاؤس آف فیڈریشن نے اپنا کتنا strong stance لیا ہے اور بڑی clarity کے ساتھ ہم نے اپنی ذمہ داری ادا کی ہے۔

اس کے بعد ہم سے رابطہ کیا گیا، چونکہ ایران UN Security Council کا رکن نہیں ہے جبکہ ہم اس کے رکن ہیں کہ اس کی میٹنگ کو آپ facilitate کریں۔ ہم نے وہ میٹنگ facilitate کی۔ چوبیس گھنٹوں کے اندر UN Security Council کی میٹنگ ہوئی۔ جو کچھ اسرائیل اس پر زیادتیاں کر رہا ہے اور جو انہوں نے war کی صورت میں react کیا ہے، اس کے بعد میٹنگ میں جو ایران کے ambassador تھے جنہیں permanent representative (PR) on UN کہتے ہیں، انہوں نے چار ممالک کا by name شکریہ ادا کیا اور acknowledge کیا۔ اس میں پاکستان، چین، روس اور الجزائر شامل ہیں کہ ان چار ممالک نے ہمارے ساتھ اس وقت، اس مشکل گھڑی میں ساتھ کھڑے ہو کر ساری بات کی۔ پھر میں نے پاکستان کے behalf پر ان کے وزیر خارجہ صاحب سے بات کی۔ بڑی تفصیل سے میری بات ہوئی۔ ابھی انہوں نے response نہیں دیا تھا، یہ ساری میں آپ کو 13 اور 14 کی درمیانی رات کی development بتا رہا ہوں۔ میں نے ان کو کہا کہ آپ بتائیں کہ اب کیا کریں۔ انہوں نے کہا کہ جی ہم اس کا تو جواب دیں گے۔ جو کچھ انہوں نے کیا ہے، right now we are

اور اس کا ہم بھرپور جواب دیں گے۔ جواب دینے کے بعد اگر اسرائیل نے دوبارہ preparing attack نہ کیا تو ہم diplomatically, dialogue کی table پر آنے کے لیے تیار ہیں۔ ہم نے جو بھی اپنی as a neighbour and Muslim and brotherly country ذمہ داری بنتی تھی، مختلف channels پر وہ بات آگے pass on کی کہ اب بھی وقت ہے کہ اگر دوسری side کو روکا جائے تو ایران ready ہے۔ اگر ہم ان کو facilitate کرتے ہیں تو ان کا ایک جواب تو جائے گا جیسے ہم نے اپنا جواب دونوں rounds میں دیا، skies میں بھی دیا اور ground پر بھی جو کچھ دو دنوں آٹھ اور نو میں ہوا، اس کا بھی ہم نے دس کی صبح جواب دیا۔

یہ جو process ہے، اس کے ساتھ ساتھ obviously کئی consequential problems ہیں۔ اب ایران at war ہے۔ وہاں ہمارے students کی اچھی خاصی تعداد ہے۔ اس کے ساتھ زائرین ہیں۔ ان حالات میں airspace بند ہو چکی ہے۔ اس کے لیے ہم نے 13 تاریخ کو ہی، یہاں سینیٹ سے جب میں گیا ہوں تو فوری طور پر وزارت خارجہ میں crisis management unit کو activate کر دیا گیا۔ They are 24/7 available. ادھر سے ہماری جو تہران میں ایمبیسی ہے، اس کا hotline number بھی share کر لیا گیا ہے، میں نے اپنی ٹویٹ کے ساتھ بھی کیا ہے، MOFA نے اسے اپنے circular کے ذریعے بھی کیا ہے۔ اس طریقے سے ابھی تک ہم نے تقریباً 251 طلبا کو evacuate کیا ہے۔ ان شاء اللہ، وہ آج رات تک کوئٹہ پہنچ جائیں گے۔ اسی طرح کوئی پانچ سو سے زائد زائرین کو ہم اس وقت handle کر رہے ہیں۔ ان میں سے roughly 300, by air وہاں گئے ہوئے ہیں جبکہ 209 by road وہاں پر گئے ہیں۔ یہ عراق میں ہیں۔ میں نے پہلے ایران کی بات، اب عراق کی بات کر رہا ہوں۔ لہٰذا، ہم دوسرے ممالک سے بھی in touch ہیں۔

ہمیں 14 تاریخ کو ایران نے approach کیا۔ ان کے 20 ہزار حاجی اس وقت سعودی عرب میں ہیں جو کہ حج کر چکے ہیں۔ ان کو واپس لانے کے لیے انہوں نے کہا کہ چونکہ اب ہماری airspace بند ہے تو کیا پاکستان ہماری مدد کر سکتا ہے۔ اس کا جواب بھی ہم نے positive دیا کہ ہم ان کو on arrival, visa دیں گے اور کراچی ایئرپورٹ پر ہم انہیں welcome کریں

گے، وہ آئیں۔ پھر ان کو یہاں سے by road یا جو بھی ایرانی حکومت کہے گی، ان کا خیال تھا کہ اس side پر وہ اپنی کوئی shuttle air service چلا کر لے جائیں گے۔ اِدھر airspace کا کوئی اتنا risk نہیں ہے۔ ہماری جو ذمہ داری ہے، ہم اسے پوری طرح نبھا رہے ہیں۔ ابھی ویسے سعودی عرب نے بھی announce کر دیا ہے کہ یہ جو 20 ہزار ایرانی حاجی آئے ہوئے ہیں، جب تک وہاں معاملہ settle نہیں ہوتا، وہ ہمارے مہمان ہوں گے۔ للذا، ان کو دو options مل گئیں۔ سعودی عرب نے ہمارے بعد، غالباً کل یا پرسوں announce کیا ہے، ہماری offer, 14th June کی تھی جب ان کے سفیر آئے، انہوں نے بتایا کہ یہ فارن آفس کا message ہے۔ میں نے کہا کہ فوری طور پر انہیں 'ہاں' کہیں اور ان کو کہیں کہ بالکل، ہم انہیں host کریں گے۔ ہم نے اس کا پورا logistic arrangement کر لیا تھا کہ اگر وہ آتے ہیں اور جتنے بھی آتے ہیں، ابھی دیکھیں گے کہ وہ کیا کرتے ہیں۔

یہ جو سوشل میڈیا کے حوالے سے ایک latest intrigue ہوئی ہے، ایران کے جنرلز کو quote کر کے، کہ پاکستان نے یہ کہا ہے کہ اگر اسرائیل نے ہم پر nuke attack کیا تو پاکستان اسرائیل کے اوپر نیوکلیئر حملہ کر دے گا۔ یہ ایک انتہائی غیر ذمہ دارانہ اور جھوٹی خبر ہے اور وہ سوشل میڈیا پر چلتی چلتی، ابھی مجھے تھوڑی دیر پہلے پتا چلا ہے کہ 'ڈیلی میل' نے انگلینڈ میں وہ خبر pick کر لی ہے۔ میں یہ clear کر رہا ہوں کہ 28 مئی، 1998 کو luckily I was part of that team with Mian Nawaz Sharif جس نے NDC میں، پہلے یہ NDC یعنی National Defence College ہوتا تھا، اس میں جنرل جہانگیر کرامت کی جانب سے بریفنگ دی گئی، جو ایک فیصلہ کن دن تھا کہ ہم نے کیا کرنا ہے۔ اس کے بعد فیصلہ ہوا کہ ہم نے بٹن دبانا ہے اور ہم نے اپنے تجربے کرنے ہیں۔ وہ جتنی بھی offers تھیں، آپ کو بھی پتا ہے، پانچ بلین ڈالرز کا پیکج، صدر کلنٹن کی پانچ کالز، وہ سب ایک طرف لیکن ہم نے اس وقت بھی کہا تھا، وہ پاکستان کی stated policy ہے۔- It is for the purpose of our self-defence. یہ ہمارا deterrence ہے۔ چونکہ انڈیا نے کیا ہے، ہم نے اس کا جواب بھی دیا ہے اور اس region میں parity کے لیے، اس region میں امن کے لیے، اس region میں security کے لیے یہ ضروری تھا۔

ہم نے دیکھا کہ ایک طرف دونوں ممالک nuclear armed countries ہیں، انڈیا بھی ہے اور پاکستان بھی ہے تو کیا انڈیا نے دو تین سالوں سے تماشا لگایا ہوا تھا کہ we have the hegemony, we have the supremacy over Pakistan, we are much above them, we are the net security provider to this region. وہ سارے کا سارا بیانیہ، اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے دفن ہو گیا 6 مئی سے لے کر 10 مئی کی صبح تک جب انڈیا نے خود امریکہ کو کہا کہ ہم اسے بند کرنے کے لیے تیار ہیں اگر آپ تیار ہیں۔ مجھے سیکرٹری روبیو کی سوا آٹھ بجے کال آئی، میں فارن آفس میں بیٹھا ہوا تھا، انہوں نے کہا کہ انڈیا کہہ رہا ہے کہ ہم تیار ہیں۔ ہم نے اپنے operation کا اس رات ڈیڑھ بجے فیصلہ کیا۔ صبح چار سے آٹھ بجے کے درمیان اس کو implement ہونا تھا جو کہ ہو گیا۔ اس کے بعد جب انہوں نے دیکھا کہ جس طریقے سے ان کی تباہی ہو رہی تھی، اس کے بعد انہیں ہوش آیا۔ ہم نے کسی کو approach نہیں کیا کہ آئیں، یہ جنگ بند کروا دیں۔ اُن کو انہوں نے کہا، انہوں نے ہم سے پوچھا۔ ہم نے کہا ٹھیک ہے، .we never wanted a war یہ تو ہم نے شروع ہی نہیں کی۔ پہلگام واقعے کا ہم پر الزام لگایا گیا، اس کے بعد ہم نے independent investigation offer کر دی۔ اگر ہمارے ہاتھ صاف نہ ہوتے تو ہم کیوں یہ offer کرتے تو بات یہ ہے کہ ہم (NPT) Non-Proliferation Treaty کے signatory نہیں ہیں۔ ہماری یہ condition اس وقت سے یعنی 1998 سے ہے کہ انڈیا بھی sign کرے گا تو ہم کریں گے۔ نہ انڈیا نے کیا اور نہ ہم نے کیا۔ اسرائیل نے بھی نہیں کیا ہوا۔ As far the nuclear installations, whether you are member of NPT or not member, it is a serious crime to attack. یہ صرف UN کا چارٹر 51 نہیں ہے۔ یہ international law کی ایک بہت بڑی violation ہے کہ آپ nuclear facilities پر حملہ آور ہوں کیونکہ اس کا جو consequential نقصان ہوتا ہے، وہ unimaginable ہے۔

میں سمجھتا ہوں کہ ہم سب کا فرض ہے کہ اس طرح کی fake news کے حوالے سے اپنی ایک clarity رکھیں۔ جہاں تک پاکستان کے deterrence کی بات ہے، obviously اللہ تعالیٰ نے اس ملک کو نہ صرف nuclear قوت بنایا ہے بلکہ missile قوت بھی بنایا ہوا ہے۔

کئی ممالک کو تکلیف بھی ہوتی ہے لیکن یہ ہماری اپنی security کے لیے ہے، ہماری اپنی stability کے لیے ہے، اس region میں stability کے لیے ہے ورنہ 9/11 کے بعد دونوں فوجیں گیارہ مہینے eye ball to eye ball کھڑی رہیں۔ اگر یہ نہ ہوتا تو پتا نہیں اس وقت کیا ہو جاتا کیونکہ انڈیا کو تو کوئی موقع چاہیے تھا۔ میں صرف یہ clarify کرنا چاہتا ہوں، چونکہ ابھی بھائی نے بات بھی کی ہے تو میں نے سوچا کہ میں ہاؤس کے ساتھ اب تک کی developments share کرلوں۔ ہماری طرف سے ایسی کوئی statement کسی نے نہیں دی ہے۔ اس کو fabricate کیا گیا ہے۔ میں نے آپ کو ایک مثال دی ہے کہ President Trump کا clip چل رہا تھا، جب ہم نے تین جگہوں سے check کروایا تو وہ AI generated fake clip تھا۔ اس لیے میں سمجھتا ہوں کہ اس حوالے سے کوئی بھی clarification ہو، سوال ہو

so on a short notice, I will be available myself to come here. Thank you.

Mr. Chairman: Leader of the Opposition.

**Senator Syed Shibli Faraz, Leader of the Opposition**

سینیٹر سید شبلی فراز (قائد حزب اختلاف): جناب چیئرمین! Leader of the House نے ایک issue کا ذکر کیا ہے، میں اس کے بارے میں تھوڑی سی clarification چاہوں گا کہ اگر وہ مل جائے۔ انہوں نے دو باتیں کیں، ایک بات یہ کی کہ نیتن یاہو کے interview کا 2011 clip کا ہے۔.fine دوسری بات انہوں نے یہ کی کہ وہ AI generated messaging ہو رہی ہے۔ میں پہلی بات کے بارے میں یہ کہنا چاہوں گا کہ اگر اس نے 2011 میں کی ہے یا آج سے چودہ سو سال پہلے کی ہے، یہ ان کا مدعا ہے، انہوں نے اپنے mindset کے بارے میں بتا دیا تھا کہ 2011 میں جس شخص نے بات کی جو آج وہاں کی ایک شیطانی قوت بن کر بیٹھا ہوا ہے جو ہر جگہ attack کر رہا ہے، خاص طور پر مسلمان ممالک پر۔ ہمیں اس کو lightly نہیں لینا چاہیے، we should factor it in that this guy has in his mindset, he thinks that Pakistan ان دو ممالک میں شامل ہے، ایک ایران اور دوسرا پاکستان ہے۔ اس لیے ہمیں اس بات کو اتنا lightly نہیں لینا چاہیے کہ 2011 میں

بات ہوئی تھی، اس کی پرانی بات ہے، no sir, ممالک میں صیہونی اور RSS کے سوچنے والوں کی سوچ سالوں کی بنیادوں پر نہیں ہوتی، ان کی سوچ permanent ہوتی ہے اور وقت کے ساتھ ساتھ وہ اور بھی سخت ہوتی جاتی ہے۔

جناب والا! دوسری بات یہ ہے کہ AI generated obviously age of disinformation, misinformation ہے لیکن ہمیں یہ بھی سوچنا چاہیے کیونکہ آپ جانتے ہیں کہ ہم اس پر کافی نقصان اٹھا چکے ہیں۔ کئی مرتبہ ایک جھوٹ کو لوگ خود بھی promote کرتے ہیں، اس کو اس طرح نہ لیں کہ یہ AI generated ہے، لوگ اپنی چیز کو جواز بنانے کے لیے AI generation بھی کروا سکتے ہیں، اس لیے ہمیں اس کو بھی seriously لینا چاہیے اور ہماری تیاری کسی complacency کا شکار نہیں ہونی چاہیے۔ ہمیں یہی سمجھنا چاہیے کہ جو لوگ آج ایران کے ساتھ یہ کر رہے ہیں، کل وہ پاکستان کے ساتھ بھی کر سکتے ہیں کیونکہ دنیا کی آنکھوں میں یہ کھٹکتا ہے کہ پاکستان کے پاس جو خاص forces ہیں، ایک اسلامی ملک کے پاس atomic power ہے، انہیں یہ نہیں ہضم ہو رہا۔ جب ہم نے ایک اتنی achievement کر لی ہے، اس کو protect کرنے کے لیے، اسے safeguard کرنے کے لیے ہمیں

'complacency', the one word that has to be thrown out of the vocabulary of all those who are responsible for this. Thank you.

Mr. Chairman: Leader of the House.

**Senator Mohammad Ishaq Dar, Leader of the House**

سینیٹر محمد اسحاق ڈار (قائد ایوان): شکریہ، جناب چیئرمین! I am grateful to my colleague and brother honourable Leader of the Opposition. بالکل ایسی بات ہی ہے، بالکل lightly نہیں لیں گے اور نہ لیا ہے۔ آپ نے دیکھا کہ جو اپنے آپ کو اسرائیل سے بہت بڑی قوت سمجھتے تھے جو ہم سے conventionally کئی گنا بڑے ہیں، ہر لحاظ سے، weapons کے لحاظ سے، conventional weapons کے لحاظ سے تو انہوں نے دیکھ لیا ہے۔ جو میلی آنکھ اس کی طرف دیکھے گی تو یہ قوم اللہ کے فضل و کرم سے اس کی آنکھ نکال دے گی اور ان شاء اللہ اینٹ کا جواب پتھر سے دیں گے اور اسے ہم نے ثابت کیا ہے۔

دنیا نے دیکھا کہ اس معاملے پر یہ قوم متحد تھی اور ان شاءاللہ متحد رہے گی۔ جہاں قوم کی sovereignty, قوم کی حفاظت territorial integrity, قوم کی security, قوم کی کی بات ہو گی .we all are one میں بالکل endorse کرتا ہوں، ہم نے نہ lightly لیا ہے اور نہ ان شاءاللہ لیں گے اور ,Israel dare not to look at Pakistan اللہ کے فضل و کرم سے پاکستان میں اتنی قوت ہے کہ اگر کسی کی بھی mala fide ہو گی تو اینٹ کا جواب پتھر سے دیں گے۔ I assure my brothers that armed forces are fully alert and as they were alert during Indian-Pakistan conflict right from 22nd April, ہم پر پہلگام کا الزام لگا، اس وقت سے لے کر دس مئی جب تک ceasefire نہیں ہوئی۔ ہم ابھی بھی alert ہیں کیونکہ ان کی military leadership بالکل on track ہے، ceasefire is holding on لیکن ان کے سیاسی لوگ کبھی کبھی عجیب قسم کے بیانات دے دیتے ہیں، کبھی کہتے ہیں کہ ہم نے suspend کیا ہوا ہے، کبھی کہتے ہیں کہ ہم hold پر ہیں، کبھی کہتے ہیں کہ یہ تو trailer تھا، اللہ نہ کرے کہ وہ آگے کچھ کریں لیکن اگر وہ کچھ کریں گے تو انہیں جواب پہلے کی طرح ملے گا اور اس میں ہمارے پاس کوئی space نہیں ہے۔ قوم نے اپنا پیٹ کاٹ کر nuclear facility, missile facility کو develop کیا ہے، یہ قوم کے اثاثے ہیں، یہ قوم کی امانت ہیں، یہ آنے والی generations کی امانت ہے، ہمیں متحد ہو کر اس کی حفاظت ہمارا فرض ہے اور ان شاءاللہ ہم وہ فرض مل کر نبھا رہے ہیں اور نبھائیں گے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ، قائد ایوان۔ آپ کی efforts کو I really .appreciate ایران اور اسرائیل کی جنگ پر میری ایک suggestion ہے کہ آپ کو MOFA میں spokesperson بٹھانا چاہیے، اگر آپ کو کوئی جواب دینے میں وقت لگتا ہے تو وہ فوراً اس کا جواب officially دیتے رہیں۔ اس ملک کو intact رکھنے کے لیے دو چیزیں بہت ضروری ہیں جس کی وجہ سے ملک intact ہے،

one is nuclear power and other is Constitution of Pakistan.

*(Desk thumping)*

سینیٹر محمد اسحاق ڈار: جناب چیئرمین! میں آپ کا بہت مشکور ہوں۔ جیسے آپ نے فرمایا، you will be happy to know that there is a full-time Additional Secretary who is spokesperson in Grade-21 کا MOFA اور جو بھی queries 24/7 آتی ہیں، وہ اور ان کی team deal کرتے ہیں اور وہ regularly weekly briefing بھی دیتے ہیں۔

Mr. Chairman: So the people should believe that there is a spokesperson,

اور اُس کا جو جواب ہے، وہ آپ کا جواب ہے۔ سینیٹر محمد فیصل واوڈا صاحب۔

(اس موقع پر جناب پریذائیڈنگ آفیسر، سینیٹر عرفان الحق صدیقی کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)

**Senator M. Fesal Vawda**

سینیٹر ایم فیصل واوڈا: بہت شکریہ، جناب چیئرمین! میں بجٹ پر زیادہ بات نہیں کرنا چاہتا ہوں کیونکہ مشکل حالات میں بجٹ بن رہا ہے، for the sake of criticism لیکن میں Mayday, Mayday کی call سے start کروں گا۔ شاید میں wrong ہوں، اللہ کرے میں wrong ہوں، میں alarm کر رہا ہوں، heads-up کر رہا ہوں، آپ کو alert کر رہا ہوں کہ آنے والے دنوں میں کسان کے ساتھ جو ہونے جا رہا ہے، climate change سے related چیزیں ہونے جا رہی ہیں یا policies سے related چیزیں ہونے جا رہی ہیں، اس پر ہمیں heads-up, alarm and alert رہنا بہت ضروری ہے۔ ہم نے گندم میں پہلے بھی تباہی کی ہے اور اس مرتبہ بھی اس میں تباہی کی ہے، نقصان کیا ہے، اس میں کیڑے پڑ گئے ہیں، اسے ensure کرنا بہت ضروری ہو گیا ہے۔

جناب والا! دوسری بات یہ ہے کہ import policy جس کے لیے میں نے Finance Committee میں بھی کوشش کی کہ سمجھا سکوں کہ import policy کو اتنے احتیاط سے بنائیں کہ اسکے اندر ڈالر کا impact نہ آئے، مجھے خدشہ ہے کہ dollar upwards کی طرف slide نہ کرنا شروع کر دے، جس سے مہنگائی بڑھ جائے گی، قرض بڑھ جائیں گے اور مزید مشکلات آئیں گی۔ اس کو اداروں نے دو سالوں سے بڑے زبردست طریقے سے روکے رکھا۔ جناب والا! آنے والے بجٹ میں آپ جب تک NFC کو address نہیں کریں گے،

آپ کے لیے اگلے budgets ناممکن ہو جائیں گے۔ میں نے Maydayکے الفاظ اس لیے use کیے ہیں کہ heads-up and alarm, Kisan, import policy, petroleum, یہ سبinterlinked ہیں اور انہیں access کرنا،attain کرنااور اس پر کام کرنا بہت ضروری ہے۔ آج کے دن جب میں سب چیزوں میں دیکھ رہا ہوں، جہاں سارے لوگ پاکستان کو آگے بڑھانے کی، وہاں جناب والا! میں آپ کے توسط سے again and again address کر رہا ہوں۔ میری دوبارہ بات یہی ہے کہ farmers کی policy, climate change کو مد نظر رکھتے ہوئے اور ان کی آنے والی مزید مشکلات جو میں دیکھ رہا ہوں، شاید میں غلط ہوں۔ گندم کے ساتھ جو کھلواڑ ہو رہا ہے، پاکستان میں food security کامسئلہ مجھے آگے نظر آرہا ہے۔ Again import policy پر بہت aggressive stance لیا جارہا ہے، اس stance میں dollar slide ہو سکتا ہے۔

جناب والا! میں نے NFC کا ذکر کیا کہ آپ کو اس میں صوبوں کو بٹھانا ضروری ہو جائے گا کیونکہ اس کو address کیے بغیر اگلا بجٹ ناممکن ہے،asset management پر شدید تحفظات ہیں،اس بجٹ میں اسے address کرنا بہت ضروری ہے۔ Pensioners کا بہت اہم معاملہ ہے، اسے بہت delicacy اور باریک بینی سے دیکھنا ضروری ہے کہ اسے کس طرح address کیا جائے، haphazard طریقے سے ہم نہ جائیں۔ اسی طرح میں نے پراپرٹی کے حوالے سے گزارش کی تھی کہ Section 7 (E) کا جو ٹیکس ہے،اسے ختم کیا جائے۔ اس کی وجہ سے پراپرٹی پر ایک دباؤ آیا ہے۔ آپ نے seller کا ٹیکس بڑھادیا ہے،buyer کا کم کرکے تو وہ offset ہو گیاتو اس کا بھی کوئی فائدہ نہیں ہونا۔ اس کو بھی address کر رہے ہیں۔ REAT کو(a) 99 جو اس کی شق ہے،اس کو مضبوط کریں تاکہ economy documented ہو،property اٹھے، flight of capital جانا رک جائے۔ ان تمام معاملات کو collectively دیکھنے کی ضرورت ہے، اور چیئرمین صاحب، آپ کی leadership میں ہماری بڑی important position ہے،جن کو ہم نے کرنا ہے۔

اب میں دو آخری نکات کی طرف آتا ہوں۔ چیئرمین، ایف بی آر، لنگڑیال صاحب، بہت نیک نیتی سے کام کر رہے ہیں، کوشش کر رہے ہیں، صاف گو آدمی ہیں،blunt بات کرتے ہیں،جب

غلط ہوتے ہیں تو وہ پیچھے ہٹ جاتے ہیں، ہم غلط ہوتے ہیں تو ہم پیچھے ہٹ جاتے ہیں۔ ہم نے ان کا بھرپور تعاون کیا ہے۔ ہم نے انہیں 1000 گاڑیاں دے دی ہیں، 1087 گاڑیوں کا letter ہم نے ایک گھنٹے میں withdraw کرکے ان کو دیا۔ انہوں نے competition create کر دیا، discount لے لیے، کروڑوں روپے کا فائدہ Finance Committee کی وجہ سے ہوا۔ حالانکہ وہ اس کا حصہ نہیں تھے لیکن اسے address کیا۔

وزیر خزانہ بھی نیک نیتی سے بڑی کوشش کر رہے ہیں۔ ہمارا کام حکومت پر تنقید کرنا نہیں ہے، پاکستان کی overall situation میں ہم نے اسے آگے بڑھانا ہے۔ جہاں FBR میں ان کی کاوش اچھی ہے، جدھر وزیر خزانہ کوشش کر رہے ہیں، جہاں ان چیزوں کو address کرنے کی ضرورت ہے لیکن جناب! یہ arrest کرنا، NAB arrest کرے گی، Police arrest کرے گی، FIA arrest کرے گی، Anti-Corruption arrest کرے گی۔ ہر کوئی arrest کرے گا، کھانے پر گرفتار کرے گا، کھڑے ہونے پر گرفتار کرے گا، ساتھ دینے پر گرفتار کرے گا، بیٹھنے پر گرفتار کرے گا تو پھر جناب! ہمیں بھی ہتھکڑیاں لگائیں، سب کو ایک ساتھ گرفتار کریں۔ اگر گرفتار کرنے سے ملک آگے بڑھتا ہے تو سب کو گرفتار کرلیں۔ اگر آپ کاروباری کو، پان کا کھوکھا چلانے والے کو بھی تحفظ نہیں دیں گے جو دوسرے ممالک دے رہے ہیں تو پھر flight of capital رکنے کی آپ بات کرتے ہیں، آپ investment کی بات کرتے ہیں۔ یہ ہم discussion کا حصہ بھی نہیں بنائیں گے، نہ یہ اختیارات ہم کسی کو دینے جا رہے ہیں اور نہ یہ ہونی چاہیے۔

جناب چیئرمین! آپ کی سربراہی میں اس ایوان میں ان تمام چیزوں کو address کرنا بڑا اہم ہے۔ یہ جو میں alarm, heads up, alert آپ کو جاری کر رہا ہوں، ان کو بڑا specifically آپ کو دیکھنا پڑے گا کیونکہ آنے والے دنوں میں مجھے نظر آرہا ہے، اللہ کرے کہ میں غلط ہوں لیکن ابھی تک تو اللہ کی مہربانی ہے میں ہر جگہ ٹھیک ہی رہا ہوں اور شاید ٹھیک اس لیے رہا ہوں کہ مجھے سیاست کی جو ٹریننگ ملی ہے، اس ٹریننگ میں پہلے میں خوش نصیب رہا کہ خان صاحب سے ملی، پھر میں خوش نصیب رہا کہ مجھے زرداری صاحب سے ملی اور اب مجھے ایک گرو مولانا صاحب سے مل رہی ہے۔ تو اگر اتنے استادوں کے بیچ میں اگر ان کا شاگرد ہوں تو آپ سمجھ سکتے ہوں

گے کہ میری capabilities بھی کتنی ہیں۔ مولاناصاحب نے جو بات کی، میں اسےendorse کروں گا کہ بجٹ سے لے کر حکومتیں چلانے اور بننے میں ان سب لوگوں کی موجودگی کابڑاrelevance ہے۔اسrelevance کو ہم نے مزید آگے بڑھانا ہے۔

کامران مرتضٰی صاحب نے کہاکہ میں نےان کو invite کیا،invite تو آپ مہمان کو کرتے ہیں۔ میں نے مولاناصاحب، زرداری صاحب اور خان صاحب، میرا گھر کراچی، اسلام آباد یا دنیاکے کسی کونے میں بھی ہو،آپ سب کے لیے کھلاہے اور کھلارہےگا اور میں ہمیشہ آپ لوگوں کے ساتھ کھڑا رہوں گا۔ جب غلط ہوگا تو ڈروں گا نہیں اور جب ٹھیک ہوگاتو کسی کی شکایت نہیں کروں گا۔

جناب چیئرمین! آپ کو address کرتے ہوئے،آپ کاشکریہ ادا کرتے ہوئےآپ سے درخواست کروں گا کہ جن چیزوں پر میں نےhands-up اورalarm دیاہے،ان کو براہ مہربانی آپ اور یہ ایوان اگر نوٹس میں لیں گے تو اس کاimpact پاکستان کی favour میں جائےگا۔ بہت شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر دوست محمد خان صاحب۔

**Senator Dost Muhammad Khan**

سینیٹر دوست محمد خان: بہت بہت شکریہ، جناب چیئرمین! پچھلے تین سالوں سےPDM ناجائز حکومت پر قابض ہے، ناجائز طور پر قابض ہے اور یہ چوتھابجٹ پیش کر رہے ہیں۔ میری سمجھ میں نہیں آرہاکہ میں اسے ننگے دابجٹ کہوں یاوڈے دابجٹ کہوں۔اور بھی تین چار نام ہیں لیکن میں سینیٹ کے ماحول کو خراب نہیں کرناچاہتا۔ ایک چیز بالکل clear ہے کہ یہ بجٹ صرف elite class کے لیے ہےجو دوفیصد ہے، 98% کے لیےاس میں خواری ہے، مشکلات ہیں۔ حالات تو یہ ہیں کہ خود کشکول لے کر بھکاری ہوں اور قوم کو بھی بھکاری بنا دیا ہے۔ ہمارے بھکاری Gulf, سعودی عرب کےعلاوہ آج کل چین میں بھیک مانگ رہے ہیں۔ افسوس تو یہ ہے کہ ان کواب پی ٹی ائی سے سیکھناچاہیے، پی ٹی آئی والوں نےاحساس پروگرام میں 12 پروگرام شامل کیے تھے، ان میں سے ایک دوپروگرام اگر بےنظیرانکم سپورٹ سے لے لیتے،اس میں فنڈزرکھ لیتے توبڑااچھاہوتا کیونکہ آپ خود بڑےfacilitator ہیں،بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے ذریعے آپ لوگوں کو اور بھی

بھکاری بنارہے ہیں، اس لسٹ میں آپ اضافہ کر رہے ہیں۔BISPکا بجٹ تقریباً 800ارب روپے کے قریب ہے۔

یہ زہر قاتل بجٹ پاکستانیوں کو مزید غریب بنائے گا۔ ہاں،آپ نے ایک کام کیا، ججز، پارلیمنٹیرین اور دوسرے اداروں کی تنخواہوں اور مراعات میں اضافہ کیاہے۔ قانون کی تو یہ حالت ہے جناب چیئرمین! کہ اپنی تنخواہوں اور مراعات میں تقریباً ساڑھے آٹھ سو فیصد اضافہ کیااور غریب ملازم کو7% ,6 دے رہے ہیں، دس فیصد سے زیادہ نہیں دے رہے ہیں اور اپنے لیے جب increase کی بات ہوتی ہے تو ساڑے آٹھ سو فیصد تک increase کیا۔ جناب! قانون کی تو یہ حالت ہے کہ ججز کی تنخواہوں اور allowances میں جو اضافہ کیا، قانون کی تو یہ حالت ہے کہ ججز انصاف دینے کی بجائے عدالت سے بھاگ جاتے ہیں، یہ ججز کیاانصاف دیں گے؟

جناب! پھر 26ویں آئینی ترمیم جوآپ نےConstitution میں introduce کی ہے، یہ ملک کا بالکل ستیاناس کردے گی، عدالت کا بھی اور قوم کا بھی۔ تقویٰ کے بعد اللہ تعالیٰ کو انصاف بہت پسند ہےاور انصاف پر زور بھی دیاہےپوری دنیامیں عوام کی سہولت کے لیے بجٹ بنایاجاتاہے لیکن ہمارے ہاں بجٹ پاکستان کے عوام کی زندگیوں کو مشکلات میں دو چار کردیتاہے۔۔ چونکہ میرا تعلق سابق فاٹاسے ہےتو اس لیےمیں سابق فاٹاکےحوالے سے آپ کی توجہ چاہتا ہوں۔جناب! ہمارے سابق فاٹاکے حقوق پر دن دیہاڑےڈاکا ڈالاگیا۔ Under Article 25 of the Islamic Republic of Pakistan ہمیں گارنٹی دی گئی تھی کہ ہم ہر سال سابق فاٹاکو NFC 3% سے جو کہ more than 100 billion بنتا تھا، جو آپ کا existing budget ہے،جو ہم سابق فاٹا کو دیتے ہیں، وہ بھی ہم دیا کریں گے۔

جناب! میں سیفران کمیٹی کاممبر تھا جو ابھی defunct ہوچکی ہے۔ میں نے وہاں کےP&D and Finance Departments کےافسروں سے پوچھا کہ یہ بتایاجائے کہ پچھلے سات سال میں سابق فاٹاکوNFC سے کتناپیساملا۔ جناب! میں آپ کی توجہ چاہتا ہوں۔ یہ آپ سےrelated ہے،براہ مہربانی، عرفان صدیقی صاحب! یہ آپ سےrelated ہے۔ جناب! ان افسروں نے مجھے جواب دیا کہ آج تک NFC سے یا سابق فاٹاکے 700 ارب روپے جومرکز نے دینے ہیں،آج تک صرف 14 کروڑ 32 لاکھ روپےrelease ہوئے ہیں۔ دو مہینے پہلے میں

نے تقریر کی اور وہ letter میں نے آپ کے حوالے کیا اور آپ نے مجھے assurance دی کہ میں وزیراعظم کے نوٹس میں یہ چیز لاؤں گا۔ لیکن ابھی تک نہ کوئی خیر کی خبر آئی ہے اور نہ as such کوئی amount budget میں reflect ہوئی ہے۔

جناب! یہاں پر بات ہوئی۔ قائد حزب اختلاف جناب شبلی فراز صاحب نے کہا کہ 45% لوگ غربت کی لکیر سے نیچے ہیں۔ جناب! میرے سابق فاٹا کا بھی سنیں، یہ بھی عالمی بینک کی رپورٹ ہے۔ ہمارے سابق فاٹا کے 85% لوگ غربت کی لکیر سے نیچے زندگی گزار رہے ہیں۔ اس مرتبہ سابق فاٹا کو 64 ارب روپے بجٹ دیا گیا ہے جبکہ گلگت بلتستان کو 84 ارب روپے کا بجٹ دیا گیا ہے۔ میں ایک تو یہ سوال کرتا ہوں کہ اگر آبادی کے حساب سے دیکھا جائے تو سابق فاٹا کی آبادی ان دونوں regions سے زیادہ ہے۔ آپریشن کی وجہ سے ہمارا infrastructure completely تباہ ہو چکا ہے۔ ہمارے گھر تباہ ہوئے ہیں، ہمارے کھیت تباہ ہوئے ہیں، ہمارا کاروبار جو بھی ذرائع آمدن تھے سارے کا سارا تباہ ہو گیا ہے۔ جناب! By God فاٹا میں نہ سکھ آسکے اور نہ سکھوں کی یہ جرات ہو سکی کہ وہ فاٹا میں آئیں اور نہ مغل آسکے، انگریزوں کے ساتھ ہم نے ۸۰ سال جنگ کی اور ایک اور چیز آپ کو بتانا چاہتا ہوں آپ کی knowledge میں لانا چاہتا ہوں کہ ہر سال انگریزوں کے defense کا آدھا بجٹ جو subcontinent کے لیے تھا وہ ان tribal area میں اور وزیرستان میں خرچ ہوتا تھا اور فاٹا کو ایک اور بھی فخر یہ حاصل ہے کہ سب سے پہلے Asia میں جو Arial bombardment ہوئی ہے وہ فاٹا وزیرستان کے محسود area میں ہوئی تھی۔

پاکستان نے بڑے بڑے operations کیے لیکن کوئی خاطر خواہ result حاصل نہیں کیے، ہماری پاک آرمی کے چار ہزار سے زیادہ جوان شہید ہوئے اور بارہ ہزار کے قریب زخمی ہوئے ہیں۔ ۱۵۰ ارب ڈالر سے زیادہ کا نقصان کیا اور ہمارے کوئی ۸۰ ہزار قبائلی اس جنگ کا شکار ہوئے ہیں۔ ایک اور operation کی تیاری کر رہے ہیں جو ہم یہاں سن اور دیکھ رہے ہیں۔ میں intelligence based operation کی مخالفت نہیں کروں گا، ان کو کرنا چاہیے۔ تخریب کاروں کے خلاف operation ہونا چاہیے لیکن اگر آپ کا operation جو ہم نے دیکھا ہے تو وہ کہتے ہیں کہ گاؤں خالی کرو یہ کرو، ہم متحمل نہیں ہو سکتے ہیں اس سے اور بھی نفرت بڑھے گی اور وہاں کے لوگوں نے قسم کھائی ہے کہ ہم ہتھیار اٹھائیں گے اگر پاکستان نے ہمارے ساتھ

اس طرح کیا۔ ہمیں intelligence based operation پر کوئی objection نہیں ہے لیکن اس طرح نا کہیں، یہ تو جلتی پر تیل ڈالنے والی بات ہو گی۔ میں حکومت پاکستان سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ فاٹا میں اتنے operations کیے، اس کے results کیا ہیں؟ اور ان operations کی وجہ سے ہمارے کھیت تباہ ہوئے، ہمارے گھر تباہ ہوئے، ہمارے کاروبار سارا کچھ تباہ ہوا۔ پھر جب 2017 میں ہمیں پاکستان نے کہا کہ اب ہم نے دہشت گردوں سے علاقے کو صاف کیا ہے تو آپ لوگ اپنے گھروں کو جائیں، تو ہم نے کہا کہ ہمارے گھر تو ہیں نہیں تو انہوں نے کہا کہ ہم ساڑھے چار لاکھ روپے دیں گے۔ باقاعدہ سروے کیا گیا، اس میں آرمی کے Officers تھے، Revenue department شامل تھا اور اس میں DC کے دفتر والے تھے۔ مطلب یہ چار پانچ۔۔ تو باقاعدہ سروے ہوا، اس میں آدھے لوگوں کو سروے کے تحت پیسے ملے اور آدھے رہ گئے ہیں، اس سے زیادہ نفرت پھیلتی جا رہی ہے۔ ایک تو landmines پھیلی ہوئی ہیں، اس سے بھی لوگوں کی شہادتیں ہو رہی ہیں اور دوسرا یہ سروے کا بڑا serious issue ہے۔

میں اس موقع پر عمران خان کا ذکر کرنا اس لیے پسند کروں گا کہ یہی عمران خان کا اپریل 2022 میں ایک directive آیا، آپ اس directive کو دیکھ بھی سکتے ہیں۔ اس نے کہا تھا کہ میں نے ۱۷ ارب روپے سروے کے تحت دیئے ہیں جنوبی وزیرستان محسود قبائل اور ۱۰۰ ارب روپے میں نے Finance NFC سے دے دیا ہے۔ باقی جو ہماری ۱۱۲ سمبلی کی seats کم ہوئی ہیں due to population کیونکہ وہاں سردیوں میں کون ہوتا ہے! اور پھر وہاں پر حالات بھی ٹھیک نہیں تھے، تو ہماری چھ seats رہ گئی ہیں، 12 National Assembly کی seats تھیں، چھ پر آ گئے ہیں اور آٹھ Senators کی seats تھیں۔ میں واحد Senator ہوں from erstwhile FATA تو مجھے ذرا زیادہ importance دی جائے تاکہ میں آپ لوگوں کے نوٹس میں لاؤں کہ فاٹا میں ہو کیا رہا ہے۔

اس وقت کے Law Minister نے جو ابھی بھی Law Minister ہیں، انہوں نے مجھے 3 سال پہلے assurance دی تھی کہ میں دو ہفتے میں یہ سروے کے تحت پیسوں کا مسئلہ حل کروں گا، ٹوٹل ۵۷ ارب روپے ہیں۔ ابھی Prime Minister نے اس budget میں اپنے MNA's کے لیے 78 ارب روپے رکھے ہوئے ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ وہ لاہور سے اور

اسلام آباد سے باہر نکلتا نہیں ہے، یہ نہیں سوچتا کہ خیبر پختونخوا میں ، فاٹا یا بلوچستان میں کیا آگ لگی ہوئی ہے، ان کو یہ فکر نہیں ہے۔

میری تجویز اب یہ ہے کہ یا تو فاٹا کے پرانے status کو بحال کیا جائے کیونکہ اس میں علاقے کے لئے کچھ تھوڑا بہت مل جاتا تھا۔ دوسری بات یہ ہے کہ اگر یہ نہیں کر سکتے تو ہمیں پھر ایک صوبہ دے دیا جائے وہ بھی بڑا مشکل ہے ، تیسرا جو سب سے آسان طریقہ ہے وہ یہ ہے کہ ایک separate Secretariat دے دیا جائے، جس کا Head Additional Chief Secretary ہو اور ہمارا ایک separate account ہو، جو خیبر پختونخوا کے account number one کی بجائے ہمارا separate account ہو تاکہ خیبر پختونخوا کی Bureaucracy ہمارے Budget میں خورد برد نہ کر سکے۔ اب میں آتا ہوں مئی میں، جو انڈیا اور پاکستان کا clash ہوا۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر دوست محمد خان صاحب تھوڑا سا مختصر کیجئے گا!

سینیٹر دوست محمد خان: اچھا جناب!

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: چیئرمین صاحب نے پانچ سے سات منٹ کہا تھا۔

سینیٹر دوست محمد خان: جی مجھے دو منٹ دے دیں، شکریہ۔ جب انڈیا اور پاکستان کا clash ہوا May میں تو Field Marshal Muhammad Ayub Khan نے ایک تقریر پر تمام قوم کو اکٹھا کیا تھا، اس مرتبہ وہ چیز نہیں تھی جو قوم میں جذبہ تھا انڈیا کے خلاف وہ چیز ویسی نظر نہیں آئی۔ یہ ایک بندہ کر سکتا ہے جو اڈیالہ جیل میں آپ نے بند کیا ہوا ہے۔ وہ کر سکتا ہے اور کوئی نہیں کر سکتا، اس کے پیچھے 80% سے زیادہ عوام ہے، وہ اگر نکلے تو انڈیا اور اسرائیل کو زبردست یہ دکھا سکتا ہے، وہ اللہ کے علاوہ کسی کے سامنے نہیں جھکتا ہے۔ یہ بھکاری! جو ہمیں بھکاری بنا رہے ہیں ان کے بس کی بات نہیں ہے۔ ابھی یہ ڈوزیں مار رہے تھے ایسے ہی ڈوزے مارتے ہو، اللہ کی قسم! اگر انڈیا زمینی حملہ کرتا نہ تو پھر آپ کو پتہ چل جاتا۔ ہم Air Force کو داد دیتے ہیں، Salute پیش کرتے ہیں کہ ان لوگوں نے بڑی زبردست جنگ کی اور ہم سب دعائیں کرتے ہیں کہ یا اللہ ایسی Force ہماری ہو۔

اب اسرائیل اور ایران کی جو جنگ ہو رہی ہے، اس میں عمران خان کی بہت سخت ضرورت ہے وہ International celebrity ہے، اس کے بیان کو دنیا دیکھتی ہے۔ یہاں ان کے بیان کو کون دیکھتا ہے؟ By God ہم بھی نہیں سنتے ہیں۔ وہ جب کھڑا ہو جاتا ہے تو پوری دنیا اس کو سنتی ہے۔ اسرائیل کے Prime Minister Benjamin Netanyahu نے صاف طور پر CNN کو کہا کہ ہمارے targets دو ہیں، number one ایران ہے اور دوسرے نمبر پر پاکستان ہے کیونکہ پاکستان کو یہ نہیں بتا سکتے۔ اگر انڈیا، اسرائیل اور امریکہ نے پاکستان پر حملہ کیا تو پھر کیا کروگے؟ کیا رات کے ڈھائی بجے swimming pool میں ڈوبکیاں ماروگے یا ڈھائی بجے فجر کی نماز پڑھوگے؟ کیونکہ فجر کی نماز ساڑھے چار بجے ہوتی ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: 12 منٹ آپ کے ہو گئے ہیں۔

سینیٹر دوست محمد خان: اچھا! ایک منٹ، ایک شعر پر ختم کرنا چاہتا ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: دو منٹ آپ نے مانگے تھے، وہ ہم نے دے دیئے۔

سینیٹر دوست محمد خان: بس ایک شعر پر ختم کرنا چاہتا ہوں، تقدیر کے قاضی کا یہ فتویٰ ہے ازل سے۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ہے جُرمِ ضعیفی کی سزا مرگِ مفاجات۔

سینیٹر دوست محمد خان: آپ نے خود پڑھ دیا، میں اس کی تھوڑی تشریح کرلوں، جرم ضعیفی کی چند علامات کیا ہیں؟ فرسودہ نظام جو آج ہے، فرسودہ قیادت جو آج ہے اور جو اندرونی انتشار اور آستینوں کے سانپوں کا غلبہ ہے اس پاکستان میں یہ چیزیں پاکستان کو ڈبونے کے لیے کافی ہیں، بہت شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ، سینیٹر مولانا عطاالرحمان صاحب۔

**Senator Atta Ur Rehman**

سینیٹر مولانا عطاالرحمان: شکریہ جناب! آپ کے بھی علم میں یہ ہے کہ ابتداء میں میں نے ایک گزارش ایوان کے سامنے رکھی ہے، گزشتہ دنوں جو واقعہ ہوا ڈیرہ اسماعیل خان میں، تو اس پر ہم نے وہاں کے ذمہ داروں سے بھی بات کی ہے اور حتیٰ الوسع کوشش کی ہے کہ۔۔ یہاں پر ہم جب بھی کوئی بات کرتے ہیں جی تو فوراً اس کو کہتے ہیں Committee کی طرف بھیج دیا جاتا ہے۔ ہمارے

ایک بزرگ سیاستدان کہتے تھے کہ Committee کا معنی ہے "کم مٹی" لہٰذا اس واقعے کو اس طرح نہ دیکھا جائے۔ یقیناً ملکوں کو چلانے کے لیے بجٹ بہت ضروری ہے اور اس پر یہاں ہر ممبر بحث بھی کرتا ہے اور ہم بھی کریں گے لیکن ان تمام چیزوں سے پہلے امن ہے۔ اگر میرا دکاندار دکان تک نہیں پہنچ سکتا، اگر میرا کاروباری شخص اپنے کاروبار کے آفس تک نہیں پہنچ سکتا، اگر میں اپنے گھر نہیں جا سکتا، اگر میں اپنے گھر سے نکلتے وقت خوف محسوس کرتا ہوں تو جب امن نہیں ہوگا تو پھر کاروبار کیسے ہوگا، ملک کیسے چلے گا، یہ system کیسے چلے گا۔ میرے خیال میں ہمیں پہلے امن پر توجہ دینی چاہیے کہ ہم اس ملک کا امن کیسے بحال کر سکتے ہیں اور اس میں جب تک ہم stakeholders اکٹھے نہیں ہوں گے اور ہر شخص اپنے معاملات کو خود نہیں دیکھے گا، تو اس وقت تک ممکن نہیں ہے کہ ہم اس ملک کو امن کے راستے پر ڈال سکیں۔

ہم نے پہلے بھی کئی مرتبہ کہا ہے کہ ہمارے ادارے اور ہماری establishment ہمیشہ ملک کے چلانے میں ٹانگیں اڑاتے ہیں لیکن جب بھی ہمارے ان اداروں پر کوئی مشکل آتی ہے یا ہمارے ملک پر کوئی مشکل آتی ہے تو جمیعت علمائے اسلام نے ہمیشہ اس بات کا ثبوت دیا ہے کہ ہم نے ملک کا ساتھ دیا ہے اور ہمیں یہ باتیں بھی سننی پڑتی ہیں کہ دیکھیں آپ پھر اُس establishment کی بات کرتے ہیں، پھر اُن اداروں کے ساتھ چلنے کی بات کرتے ہیں لیکن حقیقت یہ ہے کہ ہمیں یہ ملک عزیز ہے۔ ہم اس ملک پر بچوں کو بھی قربان کر سکتے ہیں، خود کو بھی قربان کر سکتے ہیں۔ اللہ نہ کرے کہ ایسا وقت آئے کہ ہمارے خون کی ضرورت پڑے، تو ان شاء اللہ، اُس وقت جمیعت علمائے اسلام کا ایک ایک worker اس ملک کے دفاع کے لیے حاضر ہوگا۔

جیسے میں نے پہلے بھی عرض کیا کہ امن اس چیز کی علامت ہوتی ہے کہ آپ کا کاروبار بھی چلتا ہے ، آپ کے معاملات بھی چلتے ہیں۔ ہم نے کئی مرتبہ گزارش کی ہے کہ ہماری establishment بجائے ملک چلانے کے، وہ ملک کے تحفظ کے لیے border کی طرف جائیں۔ ہمارے بزرگ کہا کرتے تھے کہ آنکھوں کی پلکیں آنکھوں کی حفاظت کے لیے ہوتی ہیں لیکن پلکوں کا اگر ایک بال بھی آنکھ میں چلا جائے تو آنکھ بے قرار ہوتی ہے، آنسو بہاتی ہے اور تب تک بہاتی ہے کہ جب تک وہ بال آنکھ سے نکال نہ دیا جائے۔ آج صورت حال یہ ہے کہ ساری کی ساری پلکیں

ہماری آنکھوں میں ہیں اور پھر ظلم بالائے ظلم یہ ہے کہ ہمیں کہتے ہیں کہ روگے بھی نہیں اور آنسو بھی نہیں بہیں گے۔ یعنی ماریں گے بھی اور آنسو بھی نہیں بہنے دیں گے۔

میں نے ابھی کچھ عرصہ پہلے یہ عرض کیا تھا کہ کیا ہمیں اُس طرف دھکیلا جا رہا ہے کہ جس سے ہم نے ہمیشہ اپنے آپ کو بچایا ہے۔ ہم نے Parliament کو preference دی ہے۔ ہم نے Parliament کو اہمیت دی ہے۔ ہم یہاں انتخابی سیاست اور جمہوری راستے سے اس ملک میں اپنی سیاست کرنا چاہتے ہیں۔ پھر یہ ہمارے ساتھ کیوں ہو رہا ہے؟ یہ جمعیت علمائے اسلام کے ساتھ کیوں ہو رہا ہے؟ ہم نے کتنے بزرگوں کی قربانیاں دیں ہیں۔ ہم نے کتنا خون بہایا ہے لیکن اُس کے باوجود ہماری کوشش ہمیشہ یہی رہی ہے کہ ریاست چلے، ملک چلے، ملک میں امن ہو لیکن جب ریاستی ادارے ہی ملک کے امن کو تباہ کرنے کی کوشش کریں اور اپنی حکومت بچانے کے لیے اور اپنی power کو محفوظ کرنے کے لیے ریاستی ادارے، وہ ہمیں آپس میں لڑائیں اور ہمارے ہی درپے ہو جائیں۔

چیئرمین صاحب! میرے گھر پر راکٹ کا حملہ ہوا ہے۔ مولانا صاحب کے گھر پر راکٹ کا حملہ ہوا ہے اور یہ آپ کے علم میں ہے۔ مولانا صاحب پر کتنے حملے ہوئے لیکن کبھی بھی ہم نے یہ نہیں قرار دیا کہ ہم اس ملک کے مخالف ہیں۔ ہم ریاستی اداروں کو بتانا چاہتے ہیں کہ اگر اس ملک کو چلانا ہے، اس ملک کو بچانا ہے تو پھر ہمیں امن کی طرف جانا ہوگا اور جو آپ کی duty ہے، اُس کو سنبھالو، سیاست تمہارا کام نہیں ہے اور نہ تم یہاں پر سیاست کرو۔ سیاست کروگے تو پھر سیاسی جواب سننے پڑیں گے۔ سیاسی باتیں سننی پڑیں گی۔ مزاج اپنا وہی ہے اور آتے ہیں سیاست میں۔ سیاست میں بہت کچھ برداشت کرنا پڑتا ہے۔ وہ شاعر کہتا ہے کہ

ہم ہیں خاموش کہ برہم نہ ہو عالم کا نظام<br>
وہ سمجھتے ہیں ہم میں طاقتِ فریاد نہیں

ہم میں طاقتِ فریاد بھی ہے، ہم بات بھی کر سکتے ہیں اور ہم اتنے کمزور بھی نہیں ہیں کہ جتنا ریاستی اداروں نے ہمیں سمجھ رکھا ہے لیکن ہم اگر خاموشی کے ساتھ امن کی بات کرتے ہیں تو ہمیں یہ ملک عزیز ہے، ہمیں ریاست عزیز ہے، ہمیں یہ لوگ عزیز ہیں۔ لہٰذا ہمیں پرایا نہ سمجھا جائے۔ ہم اس ملک کے باسی ہیں، ہم اس ملک کے رہنے والے ہیں، ہم اس ملک کا تحفظ چاہتے ہیں۔

آپ کے علم میں ہے، میں کیا آپ کو بتاؤں، اس وقت پوری دنیا کا جو scenario تبدیل ہو رہا ہے اور اُس میں جو اس خطے کی اہمیت ہے کم از کم ہمیں اُس طرف توجہ دینی چاہیے کہ اس وقت ایران کی جو حالت ہے، اس وقت انڈیا کی جو حالت ہے، اس وقت افغانستان کی جو حالت ہے، اس وقت چائنہ کی جو حالت ہے۔ تو جو کچھ اس وقت ہمارے چاروں طرف ہو رہا ہے، ہم اس سے لاتعلق نہیں رہ سکتے۔ نیتن یاہو نے یہ ویسے ہی نہیں کہا کہ ایران کے بعد پھر پاکستان کی باری ہے۔

تو یہ ساری چیزیں ہمارے اور آپ کے سامنے ہونی چاہیں۔ ہمیں اُس پر سوچنا چاہیے کہ ہم کس طرح اس ملک کو محفوظ کر سکتے ہیں۔ اگر ہم آپس میں دست و گریبان ہوں گے تو دشمن اس چیز کا فائدہ اٹھائے گا۔ ہم نے اس ملک کے لیے، اس قوم کے لیے اور اس ریاست کے لیے ہمیشہ آپ کو سنا ہے، تو ہماری کوئی کیوں نہیں سنتا۔ کب تک علما کو شہید کیا جائے گا۔ کب تک اس ملک کے اُس طبقے کو شہید کیا جائے گا جو ملک کا تحفظ چاہتا ہے۔ بین الاقوامی قوتیں تو چاہیں گی کہ اس ملک کو کمزور کیا جائے لیکن ہم ایسا نہیں چاہتے کہ یہ ملک کمزور ہو۔ ہم نہیں چاہتے کہ اس ملک کے پھر مزید ٹکڑے کیے جائیں لیکن اگر یہی صورت حال رہتی ہے تو پھر میں دست بستہ عرض کروں گا کہ ہم اس ملک کو پھر توڑنے کی طرف جا رہے ہیں۔ اس وقت جو بلوچستان کی صورت حال ہے، اس وقت جو خیبر پختونخوا کی صورت حال ہے، آپ لاکھ کہیں کہ وہاں پر امن ہے، وہاں کوئی بات نہیں ہے، وہاں ریاست کے خلاف کوئی تصور نہیں ہے لیکن ہم آپ سے کہتے ہیں کہ اس رویے کی وجہ سے یہ ملک ایک مرتبہ پھر تقسیم ہونے جا رہا ہے۔

ہم کیوں ہوش کے ناخن نہیں لیتے۔ ہم کیوں سیاسی لوگوں کے کاموں میں مداخلت کرتے ہیں۔ کیوں ملک کو چلانے میں مداخلت کرتے ہیں۔ جو کام آپ کا ہے، بھلے اُس کو کریں، ہم نے آپ کے لیے کبھی کوئی رکاوٹ نہیں ڈالی لیکن جو کام سیاست دانوں کا ہے، آئے روز اس میں رکاوٹیں ڈالی جاتی ہے۔

آپ پاکستان کی تاریخ اٹھا کر دیکھ لیں۔ یہاں کتنے مارشل لاء لگے، ان مارشل لاز کا دورانیہ کتنا رہا اور اگر کوئی منتخب حکومت بھی آئی ہے تو اس پر بھی ان اداروں کا pressure رہتا ہے۔ ان اداروں کے بغیر ہماری حکومتیں چلتی ہی نہیں ہیں لیکن اس کے باوجود اگر ہم اس ملک کی بات کرتے ہیں اور امن کی بات کرتے ہیں تو ہمارے علما کو شہید کیا جاتا ہے۔ ہمارے ذمہ داروں کو شہید کیا جاتا

ہے۔ ہمارے لوگوں کو شہید کیا جاتا ہے۔ ہمارے مدارس کو دہشت گردی کی لسٹوں میں ڈالنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ پھر علماء طبقے کو، داڑھی اور پگڑی والوں کو دہشت گرد کہا جاتا ہے تو میں دست بستہ گزارش کروں گا کہ اگر ہم نے اس ملک کو چلانا ہے، اگر ہم نے اس ملک کے مستقبل کو محفوظ کرنا ہے، ہم نے یہاں کے نوجوانوں کو محفوظ کرنا ہے، پھر تمام stakeholders کو مل کر سوچنا ہوگا۔ میں اپنے سیاسی قائدین سے بھی گزارش کروں گا کہ از راہِ خدا اِن لوگوں کے اشاروں پر چلوگے تو یہ ملک نہیں بچے گا۔ للٰذا آئیے، مل کر بیٹھتے ہیں اور اس ملک کے مستقبل کی سوچتے ہیں۔ اس ملک کو محفوظ کرتے ہیں۔ ہم نے پہلے بھی قربانیاں دی ہیں۔ ہم مزید پھر قربانی دینے کے لیے بھی تیار ہیں، لیکن ملک کا سودا کرنے کے لیے کبھی تیار نہیں ہوں گے کہ establishment ہمارے ملک کا سودا کرے۔ ہم بین الاقوامی قوتوں کے اشاروں پر اس ملک کو چلائیں۔

آج امریکہ کہتا ہے کہ میں جا کر صلح کراؤں گا، کس چیز کی صلح؟ ایران کچھ بھی ہو، لیکن وہ ایک مملکت ہے۔ وہ اس خطے کا ایک پرامن ملک تھا۔ اگر اس پر اس طرح Israel چڑھ دوڑے گا، تو یہ تصور کرنا کہ مذہبی لوگ، مذہبی جماعتیں وہ اس حال میں خاموش رہیں گی، ایسا نہیں ہوگا۔ للٰذا ان تمام صورت حال کو دیکھنا چاہیے اور جس کا جو کام ہے وہ کرنا چاہیے۔ بجٹ بھی آئے گا، بجٹ پر بحث بھی ہوگی، ہم اس کے اعداد و شمار پر بھی بات کریں گے، لیکن اس سے پہلے امن ہے۔ اگر ہمارے ملک اور اس میں امن ہوگا، اس کے لیے پہل ہماری establishment کو کرنی چاہیے۔ ہمارے اداروں کو کرنی چاہیے۔ اگر وہ اپنے آپ کو محدود کریں گے تو پھر مجھے یقین ہے کہ ہم ملک کے مستقبل کو محفوظ کرنے میں کامیاب ہوں گے۔ بڑی مہربانی، بہت شکریہ جی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ مولانا صاحب آپ نے بڑے اختیار کے ساتھ بات کرنے کی کوشش کی ہے۔ سینیٹر بشریٰ انجم بٹ صاحبہ۔

**Senator Bushra Anjum Butt**

سینیٹر بشریٰ انجم بٹ: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔

Thank you Mr. Chairman for giving me this opportunity to address.

Mr. Presiding Officer: Please try to be very precise, just five to seven minutes.

Senator Bushra Anjum Butt: Sir, I will be taking just five minutes, if not less. Sir, before I start my budget speech and share my comments and what I feel about the budget. I would like to congratulate the Prime Minister because I just recently came back. I think this was the brainchild of the Prime Minister and I think a very good initiative taken by the Prime Minister to send a cross-part delegation to discuss the narrative, to promote the narrative of Pakistan and it gives me huge pleasure and right now I feel a proud Pakistani once again because we got a very good response and we, very successfully, were able to send the narrative of peace, peace with responsibility, Pakistan’s narrative.

اور مجھے لگتا ہے کہ پاکستان as a nation we owe this to Moodi that
finally after a huge spell of polarization جو ہمارا political
narrative بن گیا ہوا تھا اس کے بعد بھی to act like a nation اور یہ ہم نے دوران
جنگ بھی دیکھا ہے اور مجھے لگتا ہے کہ یہ ہمارے اندر اجاگر کرنے کا we always had that
patriotic feelings within us پھر جب ہم اس message کو لے کر
international media کے سامنے گئے، international diaspora کے سامنے
گئے، تو ہمیں یہ بھی احساس ہوا کہ وہاں even though we were cross-party ہر
پارٹی کا ممبر وہاں موجود تھا۔ but we were fighting for the country and
we were fighting for the nation اور اسی جذبے کے ساتھ جب میں اس
budget کو دیکھتی ہوں، and before even I touch upon the
budget, Deputy Prime Minister discussed about Iran ابھی اس
سے پہلے Gaza تو کچھ عرصہ پہلے مجھے موقع ملا to attend this graduation
ceremony of these Gaza’s students that Deputy Prime
Minister sahib brought back to Pakistan ان کو یہاں پر different

universities میں ڈالا گیا، وہاں پر ان کو رہائش دی گئی، ان کی mental health کو cater کیا گیا، ان کی degree مکمل کرائی گئی، اور اب انہیں house jobs بھی دے رہے ہیں this is the kind of nation we are sir, we may not have enough resources but it gives me immense pleasure, I become a proud Pakistani over the fact that we are sharing our resources تو ہمارے جذبات، ہماری قوم کے جو جذبات ہیں وہ یہ ہیں۔

Now coming to the budget,

اگر میں یہ کہوں کہ یہ ایک بہترین بجٹ ہے تو I would be lying, there are some tough decisions made here sir, but then at the same time it's time for us to act as a nation again. We have done it before sir, we have it in us۔ آج میں سب کی تقریریں سن رہی تھی ہر کسی نے کہا کہ minorities پر compromise ہوا ہے، کسی نے کہا کہ ہماری pensions پر compromise ہوا ہے، سب کی observations بجا تھیں but وہ کہتے ہیں نا کہ even if you are parent you cannot do justice to every child ہر بچہ کہتا ہے کہ ہمارے ساتھ زیادتی ہوگئی same is the case here, so اتنی سی resources ہیں and I feel the intention of the government is in the right place, and why it is in the right place? because اگر ہم rightsizing کی بات کرتے ہیں، تو ہم سب کو پتا ہے یہ کوئی بات ڈھکی چھپی نہیں ہے لیکن طرزِ سیاست بدل گیا ہے we all talk about transparency کچھ عرصہ پہلے سیاست کیا تھی؟ سب کی political بھرتیاں تھیں۔

جناب! I am the Chairperson of the Standing Committee on Education میں آپ کو اپنی کمیٹی کا بتاتی ہوں، میرے پاس آئے دن teachers آتے ہیں جو کہتے ہیں کہ ہمیں permanent کر دیں، ہمارے پاس پندرہ، پندرہ بیس بیس سال کا تجربہ ہے۔ it's very sad sir, but the ground reality is that when they were hired, they were hired on contract. Now they want to become permanent, why? because

but  یہ بہت دکھ کی بات بھی ہے  ground realities ہیں۔ pension چاہیے۔ یہ
جب budget is very less, so what I am trying to say is that
downsizing اور rightsizing کی بات ہو رہی ہو، تو ایک طرف ہم IMF سے loan لے
رہے ہیں we need to be independent اگر ہم ان چیزوں کے اپنے اخراجات کو کم
کرتے ہیں اور اس کے علاوہ اگر آپ یہی بات کریں حکومت کہتی ہے کہ privatization کی
طرف جائے ,promote کو government wants to get out and B2B
کرتی ہے why? because they want کہ investments آئیں
opportunities create ہوں ۔ جس طرح کی activities پچھلے ایک سال میں
federal level پر ہوئی ہیں the amount of international delegations we have catered, I never seen such amount of delegations. Why? because we want them to come here, we want to boost industries, we want
government's کہ employment بڑھے۔ بات brain drain کی کرتے ہیں تو
intention is in the right place sir, but yes, وہ کہتے ہیں نا جب آپ راستے
کو بنا رہے ہیں تو مشکلات آئیں گی and then we have to act like a nation.
You cannot ask for everything to be in a positive direction, but ہمارا حق نہ مارا جائے۔ and I know for a fact sir. I have seen it and I know there is that patriotism within us and
ان شاء اللہ
if we act like a nation we will get out of this. Thank you so much.

Mr. Presiding Officer: Thank you. Senator Bilal Ahmed Khan sahib, would you like to speak? Ok. Senator Saifullah Abro sahib.

**Senator Saifullah Abro**

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: بہت شکریہ، جناب چیئرمین! Actually budget
Session ہے کافی دوستوں نے بات کی ہے، میرے خیال میں جب Finance Minister

صاحب budget پیش کر رہے تھے، تو وہاں بعض ساتھیوں سے بات کر رہے تھے تو انہوں نے ایک جملہ ایسا کہا اُس کے بعد میرے خیال میں اصولاً ہماری کوئی discussion بنتی نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ جو ہم آپ کو دے رہے ہیں ملک کو قرضہ لے کر آپ تک پہنچا رہے ہیں، اس سے ملک آگے بڑھے گا نہیں تو یہ واضح طور پر ہے کہ ہماری policy جو ہے وہ رہی کہاں ؟ یہی تو دیکھیں depend اس پر کرتا ہے کہ آپ کے اپنے resources کتنے ہیں؟ آپ کا اپنا revenue کتنا آتا ہے؟ ہم اس پر کام نہیں کرتے۔ جو بھی government آتی ہے، اُس کا زور loan لینے پر ہوتا ہے۔

PSDP بنا ہے یہ بھی loan پر ہے۔ مجھے تعجب ہوا۔ جناب چیئرمین ! میں اس کو آج پڑھ رہا تھا صرف communication sector کے بارے میں بتا رہا ہوں کہ یہ ADB's schemes ہیں۔ page No.09 پر پہلی جو چار سکیمیں ہیں یہ communication کی ہیں communication کا مطلب NHA ہے۔ Schemes No.21,22,23,24 میں اس پر آپ کو ایک example دینا چاہتا ہوں کہ ہمارے ہاں جو development schemes ہیں اس میں ہوتا کیا ہے۔ یہ loan لے کر کیسے ان کو misuse کیا جاتا ہے۔ ایک کمپنی، ابھی Asian Development Bank کے چار منصوبے چل رہے ہیں carriage-2 اس کو کہتے ہیں جو شکار پور سے راجن پور ہے، packge-2 پر ایک کمپنی apply کرتی ہے Xinjiang Communication Company جو کہ چین کی ہے وہ 09 بلین کے کام کے لیے apply کرتی ہے اور وہاں پر disqualify ہو جاتی ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ اسے کوئی experience نہیں ہے، یہ بات 30 نومبر، 2022 کی ہے، اس سے پہلے اس نے NHA میں ایک کام کیا جو کہ 2024-25 کی ملتان سے لودھراں کی ایک سکیم تھی، جس کی cost 8 billion تھی۔ اس کمپنی نے وہ کام 6.8 billion میں لیا۔ جناب چیئرمین ! آپ کو یہ سن کر تعجب ہو گا کہ وہ کمپنی default کر گئی، جون 2021 میں اس کو کام ملا، 6.8 billion کا کام نہیں کر سکی۔

Mr. Presiding Officer: Just for a second sir. Is there anybody in the gallery taking notes from the Ministry?

آپ لوگ ہیں، .OK

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: NHA کے بورڈ کی 06 جنوری، 2023 کو 419th meeting ہوئی، اس کا contract terminate کیا گیا۔ ابھی ایک کمپنی 06 billion کا کام نہیں کر سکی جو اس نے جون 2021 میں لیا، پھر وہ نومبر 2022 میں Carriage-II میں جا کر Asian Development Bank کے کام کے لیے disqualify ہو گئی۔ ابھی ایسے محکمے پر خدا کا عذاب نازل ہو کہ Carriage-III آیا ہے جو کہ راجن پور سے ڈیرہ اسماعیل خان تک ہے، وہ منصوبہ 82 بلین کا ہے، اس 82 بلین کی scheme جو old rate پر تھی اب یہ چاروں packages اسی کمپنی کو دیئے گئے ہیں۔ اس کی total cost 172 billion بنتی ہے، ایک کمپنی 06 بلین کا کام نہیں کر پا رہی ہے، non-performance پر اسے NHA نے terminate کیا ہے، اسے تو black-list کرنا چاہیے، اگر ایسے تماشے اس ملک میں ہوتے رہیں گے تو میرے خیال میں ہمیں ایسے بجٹ نہیں بنانے چاہییں۔ 06 بلین کا کام نہیں کر پا رہی ہے، 09 بلین کے کام میں disqualify ہو گئی ہے، وہ 172 بلین کے کام کے لیے within a one year time eligible ہو گئی۔ جناب یہ fake documents دیتے ہیں، میں تو نہیں جانتا کہ اس پر کون سی ruling آ سکتی ہے۔ آج میں Economic Affairs Committee meeting میں تھا، میں اس کا چیئرمین ہوں تو وہاں پر یہ ADB discuss ہوئی، ہمارے کافی دوست جو اوپر بیٹھے ہیں یہ بھی اس meeting میں تھے۔ یقین کریں کوئی بھی NHA کا آفیسر اس position میں نہیں تھا کہ اس corruption کو defend کر سکے۔ اگر ایسے 172 بلین کے منصوبے لائیں گے، کہاں ہمارے وزیر خزانہ صاحب کی statement ہے کہ قرضہ لے کر لوگوں تک پہنچاتے ہیں، یہ 172 بلین ایک fake company کو چلے جائیں گے، خدا کے واسطے اس پر کوئی special ruling دیں، ان کے سیکرٹری کو جوابدہ بنائیں، اس ایوان میں بلائیں۔ یہ وہی لوگ ہیں جنہوں نے سکھر حیدرآباد موٹر وے کو، آپ اس سکیم کو دیکھیں جس کے لیے انہوں نے ابھی 14 بلین رکھے ہیں، یہ سکیم اپریل 2021 میں approve ہوئی تھی، اس سکیم پر caretaker government کے دور میں شاہد اشرف تارڑ آیا، اس نے M-6 موٹر وے پر وہ کام بند کروایا۔ آج بھی اس سکیم کے لیے 14 بلین رکھے گئے ہیں۔ ہاں البتہ 30 بلین حکومت پاکستان نے دیے جو سندھ کے concerned DCs تھے جن میں نوشہرو فیروز، نواب شاہ اور مٹیاری، land

acquisition کے پیسے وہ پیسے DC کھا گئے۔ ابھی بھی 14 بلین ایسے چلے جائیں گے، اس سے موٹروے تو نہیں بنے گی۔ M-6 نہیں بنی۔ پنڈی کھاریاں موٹروے اس منسٹر نے ختم کی۔ ایسے تماشے بند ہونے چاہییں۔ یہ ملک کب تک اسے برداشت کر سکتا ہے۔

جناب چیئرمین! آپ water resources پر آ جائیں۔ ابھی بھی کچھ دوستوں نے کراچی کے لیے K-IV منصوبے کو discuss کیا۔ اس کی سکیم نمبر 799 ہے۔ آپ اس کا بجٹ دیکھیں۔ Water Resources کے سیکرٹری نے ضد کر کے پورا سال حکومت سندھ کو پیسے نہیں دیئے، وہاں پیسے نہیں بھیجے، لوگ کام کر کے بیٹھے رہے، کراچی میں پانی کی shortage ہے لیکن وہ پیسے نہیں دیتے رہے، یہ وفاق کا حال ہے اور یہ ہے PSDP اگر ہم ایسے بجٹ بنائیں گے تو میرے خیال میں ہمیں نہیں بنانا چاہیے۔ ٹھیک ہے ملک چلتا رہے گا لیکن تعجب مجھے NHA پر ہوا کہ انہوں نے ملتان لودھراں سکیم جو PSDP 2024-25 میں شامل تھی وہ اس book سے غائب ہے۔ اڑھائی بلین انہوں نے اس کمپنی کو back payment کی، who is responsible for 2.5 billion? جناب وہ سکیم اب اس میں نہیں ہے۔ وہ سکیم ختم کی گئی ہے، یہ بہت بڑا blunder ہے، صرف اس وجہ سے کہ یہاں اگر وہ آئی اور کسی inquiry میں take-up ہو گئی تو یہ اسی جعلی کمپنی کو دوبارہ کام نہیں دے پائیں گے۔

جناب چیئرمین! حقیقت یہ ہے کہ آپ سے کافی closeness بھی ہے، آپ کے ساتھ ایک ادب کا رشتہ ہے، آپ ماشاء اللہ سے بیٹھتے ہیں، آپ ادیب اور ہمارے senior اور بزرگوں کی جگہ پر ہیں۔ ابھی آپ نے دیکھا کہ اسرائیل نے ایران پر حملہ کیا، اسلامی ممالک میں ایران وہ واحد ملک ہے جو اس ظلم کے ساتھ مرد اور مجاہد بن کر لڑا ہے، حالانکہ آپ کو معلوم ہے کہ فلسطینی قوم کسی sect پر depend نہیں کرتی ہے۔ ایران کے لیے کہا جاتا ہے کہ یہ شیعہ فرقہ ہے لیکن وہ ہمیشہ مسلمانوں کی آواز بنا ہے، جہاں بھی مظالم ہوتے ہیں وہ آواز اٹھاتا ہے لیکن آپ نے دیکھا کہ جب ایران پر اسرائیل نے حملہ کیا تو مجھے تعجب ہوا کہ ہم میں جو ایک بھائی چارہ پیدا ہوا تھا اور جو ان شاء اللہ ہے اور رہے گا، جب ہم پر انڈیا نے حملہ کیا تھا تو آپ نے دیکھا کہ ہماری ساری قوم نے، تمام سیاسی جماعتوں نے ساری چیزوں کو چھوڑ کر ملک کے دفاع اور بقاء کے لیے اپنی پاک افواج کے ساتھ کھڑے رہے۔ کسی نے ایک چوں تک نہیں کی۔ آپ نے دیکھا انڈیا میں اپوزیشن کے لوگ مودی کو گالیاں دے رہے

تھے اور اسے oppose کر رہے تھے لیکن میں پاکستان کی قوم کو سلام پیش کرتا ہوں کہ پوری قوم اپنی افواج کے back پر کھڑی رہی جس کا نتیجہ کیا ہوا، نتیجہ یہ نکلا کہ خدا تعالیٰ نے ہمیں فتح عطا کی۔ ابھی ہم باہر جائیں گے تو ان شاء اللہ ہمارا سر فخر سے اونچا ہو گا۔ انڈیا کو کچھ تو hit ہوا ہے جس کی وجہ سے وہ خاموش بیٹھا ہوا ہے، ایسی کوئی بات نہیں ہے لیکن ہم نے کیا کیا، مجھے افسوس ہوا کہ ہماری دو statements آئیں۔ آپ نے دیکھا کہ احسن اقبال صاحب نے statement دی ایسا نہیں کہنا چاہیے کہ PTI والے انڈیا کی زبان بولتے ہیں۔ او بھائی، ہم نہیں بولے اور بولیں گے بھی نہیں۔ ملک کے دفاع اور بقاء کے لیے، اپنی افواج کے ساتھ ہم ایسے کھڑے رہیں گے کہ آپ بھی ایسے کھڑے نہیں ہوں گے۔ آپ نے دیکھا ہے کہ کل خواجہ آصف کی کیا statement آئی ہے کہ 2019 میں ابھی نندن کو ہم نے surrender کیا۔ وہ کیا ہمارا رشتہ دار تھا؟ مجھے تو ایسی statement پر شرم آتی ہے۔ جناب چیئرمین! انڈیا اس وقت زخموں سے بھرا ہوا ہے جو ہماری air-force نے، ہماری آرمی نے اسے پہنچائی ہیں، وہ وہاں سے نکلا نہیں اور دنیا کو منہ دکھانے کے قابل نہیں ہے اور آپ کہہ رہے ہیں کہ 2019 میں ہم نے surrender کیا تھا۔ ابھی نندن کو وہاں جو تمغہ ملا وہ صحیح ملا تھا۔ کیا آپ پاکستان کی خدمت کر رہے ہیں یا انڈیا کی خدمت کر رہے ہیں۔ یہ اپنی افواج کی تضحیک کر رہے ہیں یا پاکستان کی جماعتیں جو آپ کے ساتھ کھڑی ہیں ان کی تضحیک کر رہے ہیں۔ آپ کو یاد ہو گا جناب چیئرمین میں نے ڈیڑھ سال پہلے یہاں ایک speech کی تھی، وہی خواجہ آصف تھا جس نے ہماری اس بہن کے ساتھ غلط language استعمال کی تھی تو میں نے کہا تھا کہ اسے پان کھلائیں، پان کھلانے سے یہ ہوتا ہے کہ زبان کنٹرول میں رہتی ہے، میں آج دوبارہ کہتا ہوں کہ انہیں اتنا پان کھلائیں کہ جب تک ملک میں امن ہو جائے تب تک یہ ایک لفظ نہ بولیں۔ کیا ایسی statement ہوتی ہے وہ بھی دفاع کا وزیر ہو۔ افسوس ہوتا ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ ساری efforts آپ کی ہیں، ہم یہ بھی سمجھتے ہیں کہ آپ سے زیادہ کوئی اہل نہیں ہے، ہم یہ بھی سمجھتے ہیں کہ PTI کچھ بھی نہیں ہے چھوڑ دیں۔ جناب لوگوں نے بیس منٹ بھی بات کی ہے، مہربانی فرمائیں۔ میں اچھی بات کر رہا ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ایڑو صاحب، میری گزارش سن لیں۔ میڈم چترالی، آپ کسی کی وکالت بالکل نہ کیا کریں، میں یہاں پر ان کا وکیل بیٹھا ہوا ہوں۔ آپ کے بولنے کی ضرورت نہیں

ہے۔ ابڑو صاحب بات یہ ہے کہ جو پارلیمانی پارٹیوں کے لیڈرز ہیں انہیں 20-15 منٹ دیئے گئے تھے، ابھی آپ نے دیکھا ہے کہ چیئرمین صاحب نے 7-5 منٹ کا اعلان کیا ہوا ہے تو آپ کا یہ گیارہواں منٹ جارہا ہے، آپ بھی دو منٹ میں wind-up کرلیں۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: جناب ڈیڑھ منٹ آپ بولے ہیں۔ وہ جو last seat پر سینیٹر مسرور احسن صاحب ہیں وہ مجھ سے عمر میں بھی زیادہ ہیں وہ اکیس منٹ بولے ہیں۔ وہ چیئرمین صاحب کی موجودگی میں بولے تھے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ ایک سے دو منٹ اور لے لیں تاکہ میں floor واسع صاحب کو دینا چاہتا ہوں۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: جناب چیئرمین! میں آپ کی توجہ اس طرف دلانا چاہتا ہوں کہ ہم مانتے ہیں کہ آپ بھی efficient ہیں، یہاں یہ باتیں بھی کی گئیں کہ خان صاحب کہہ رہے تھے کہ اس کو آزاد کردو، ہم نے تو آزاد بھی نہیں کیا اور جیل میں بھی ڈالا اور ہم نے فتح کیا۔ بھائی آپ نے فتح کیا، بڑی فتح ہے اور آپ سے کوئی ضد بھی نہیں ہے لیکن آپس میں تو آپ decide کرلیں۔ ہماری ایک colleague نے کہا کہ all parties delegation باہر گیا، جناب all parties کہاں تھی، آپ سارے حکومت کے لوگ تھے، کون سی جماعت کے بندے تھے، اس ایوان میں تو جھوٹ نہ بولیں۔ آپ تو سابقہ وزیر خارجہ کو لے کر گئے جو TV talk show میں برکھا دت کے ساتھ بیٹھ نہیں سکیں۔ ڈیڑھ منٹ کے بعد حنا ربانی کھر بھاگ گئیں، وہ امریکہ جا کر پاکستان کو defend کریں گی؟ ہمارے بلا وجہ منہ نہ کھلوائیں، ملک کی خاطر ہم ایک لفظ نہیں بولتے ہیں لیکن یہ ایسے اچھے لوگ نہیں ہیں کہ یہ یہاں بیٹھ کر جھوٹ بھی بولیں گے اور ہمیں گالیاں بھی دیں گے اور ہم برداشت کریں گے، کبھی بھی نہیں۔ ڈیڑھ منٹ نہیں بول سکیں برکھادت کے سامنے۔ برکھا دت وہ ہیں جو تقریباً چھ ماہ پہلے آئیں، یہاں دس دن تک ایک جماعت کے لیڈر کی مہمان رہیں، وہ برکھادت آپ کو نہیں بولنے دے رہی تھی۔ میں ابھی اس طرف آتا ہوں جناب۔ بات یہ ہے کہ ابھی آپ آپس میں تو فیصلہ کریں۔ ہاں ایک چیز ہے کہ delegation وہ تھا کہ پوری پاکستانی قوم 75 سالوں سے اس چیز کو سمجھ نہیں پائی۔ ہر مرتبہ ہم آلو کلو میں لیتے تھے، ہم ٹماٹر لیتے تھے کلو میں اور ہم انڈے لیتے تھے درجن میں لیکن اس delegation کی لیڈر شپ اس لیڈر نے کی جس نے

جدید technology announce کی۔ اس نے کہا کہ انڈے یہاں دو سو روپے کلو ملتے ہیں، ٹماٹر یہاں سو روپے درجن ملتے ہیں۔ آپ ایسا پیغام دے رہے ہیں، Indian media دیکھیں، دنیا کا media دیکھیں، دنیا ہنس رہی ہے جو آپ لوگوں نے وہاں جا کر کمال کیے ہیں، چھوڑیں اس پر بات نہیں کرتے۔ PTI کو نشانہ نہ بنائیں، آپس میں فیصلہ کریں۔

ایک بندے نے اٹھ کر کہا کہ جو جنگ ہم نے جیتی ہے وہ President کا کمال ہے، ہاں بالکل ان کا کمال ہے وہ supreme Commander ہے لیکن ان کو پانی پر بھی اختیار نہیں ہے۔ انہوں نے اپنی تقریر میں کہا تھا کہ خدا کے واسطے مسئلے نہ بنائیں حالانکہ اجازت خود دی تھی پھر کسی اور لیڈر نے کہا کہ یہ بلاول صاحب کا کمال ہے پھر ایک اور سینیٹر نے کہا کہ یہ شہباز شریف صاحب کا کمال ہے پھر لاہور سے آواز آئی کہ یہ میاں صاحب کا design ہے۔ آپس میں تو decide کرو کہ یہ design کس کا ہے، آپ کا ہی design ہو گا ہمارا design نہیں ہے لیکن design کرنے والا کوئی ایک ہو گا۔ آپ سب تو نہیں ہوں گے۔ ایسا نہیں ہوتا کہ آپ ہمارا اگلا بھی دبائیں، ہاں ایک چیز سنی ہے ہم کس کس کا بیان دیں۔ آپ دیکھیں یہ تو ہم بچپن سے سنتے آ رہے ہیں یہاں بھی کہ روم جل رہا تھا، نیرو بانسری بجا رہا تھا۔ ہم نے یہ بھی دیکھا کہ دو بجے فجر کی نماز ادا کی پھر swimming کی گئی۔ ملک جنگ کی حالت میں ہے آپ swimming کر رہے ہیں پھر گالیاں PTI کو دے رہے ہیں اس بات پر تعجب ہوتا ہے۔ اس طرح نہیں ہونا چاہیے کسی بھی level پر اتنا غصہ یہ آج کے جو دن ہیں، یہ ہم کسی بھی level پر ان کو ignore نہیں کر سکتے جو ہمارا بھائی ملک ہے۔ ایران پر جو حملہ ہوا ہے، جو جارحیت ہوئی ہمیں اس کا ساتھ دینا چاہیے۔ ہمیں اس کو آگے نہیں لے کر جانا چاہیے لیکن میں تو اتنی التجا کروں گا کہ اللہ تعالیٰ حکومت کو ہی ایسی قابلیت عطا کرے، ایسی committees ان کو ہی عطا کرے۔

سب لوگ خود گئے ہیں، آٹھ لوگ ان کے گئے ہیں دونوں parties جو PDM-2 میں ہیں یا PDM-3 کہہ لیں تو مقصد یہ ہے کہ opposition میں سے کون گیا۔ ایک ہی لے جاتے مولانا عبدالواسع صاحب کو لے لیتے دعائیں تو دیتے، مولانا فضل الرحمان صاحب کو لے جاتے دعائیں دیتے۔ آپ نے تو دعا کے لیے بھی کوئی در نہیں چھوڑا لیکن ہم کہتے ہیں کہ آپ کی یہ قابلیت قائم رہے لیکن ایسا نہ ہو کہ کل پاکستان میں، خان صاحب تو ابھی جیل میں ہیں ان کو آپ بے شک نہ

چھوڑیں کوئی issue نہیں ہے۔ خدا تعالیٰ کی ذات تو ہے ناں، نہ فرعون رہا، نہ نمرود، نہ یزید تو آپ کون سی دنیا میں کھیل رہے ہیں کہ ان کی ہمیشہ حکومت رہے گی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر! بس آدھا منٹ! میں مزے کی بات بتاتا ہوں آپ کو آپس میں کم از کم ایسے چلیں کہ خان صاحب تو جیل میں ہیں، اس وقت میاں صاحب PM ہیں۔ ایسا نہ ہو کہ آنے والے وقت میں کوئی temu version Prime Minister آ جائے، اس temu version PM کو تو روکیں، temu جو بھی ہے ایسا PM نہ آ جائے ملک کو آگے بڑھائیں، ملک کی بہتری کے لیے کام کریں۔ یہ House ہے ماشاء اللہ کھچا کھچ بھرا ہوا ہے، ہم budget پر تقریر کر رہے ہیں۔ صحافی کم پڑ گئے ہیں، ان صحافیوں سے سینیٹرز گنے نہیں جا رہے۔ یہ تو ہماری seriousness ہے، we are the custodians of Nation, ہم پاکستان کی عوام کی نمائندگی کرتے ہیں۔ شرم کی بات ہے کہ ہم یہاں پانچ سینیٹرز بیٹھے ہیں، اس House سے پاکستان چلے گا، ایسے نمائندوں سے پاکستان چلے گا۔ 1.5 lac سے 6 lac تک ہماری salaries ہو گئیں، Chairman, Speaker کی 16, 16 lac salaries ہو گئیں پر یہاں ہم بیٹھ نہیں پاتے۔ ہم جب پیسوں کے لیے اور TA/DA کے لیے meetings attend کریں گے، یہاں یہ House attend کریں گے تو ملک کبھی بھی ترقی نہیں کرے گا۔ بیشک یہ حکومتیں دس سال چلیں، پچاس سال چلیں لیکن میں حکومت کے لوگوں کو لازمی ایک یاد دہانی کرانا چاہتا ہوں آپ چاہتے ہیں کہ Establishment سے یا PTI کے حوالے سے کوئی بھی اختلاف اتنے زیادہ ہوں، نہیں ہوں گے۔ ہم ابھی بھی فوج کے ساتھ کھڑے ہیں، بعد میں بھی کھڑے ہوں گے۔ آپ چھپ چھپ کر گالیاں دیتے ہیں، آپ کوئی rally تو نکالیں، ابھی 6th September آنے والا ہے اس پر ہی نکالیں۔ 5th August یوم کشمیر پر نکالیں، 14th August پر نکالیں۔

یہ ہم لوگ تھے rallies نکالتے تھے، "جاگ اٹھا ہے سارا وطن مجاہدوں" ہم ناچتے تھے، آپ ناچیں نہ کیوں PPP and PML (N) rallies نہیں نکالتی۔ ہم نکالیں گے ابھی بھی نکالیں گے لیکن آپ کو کبھی اس سازش میں کامیاب نہیں ہونے دیں گے کیونکہ یہ بھی جانتے ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ ایڑو صاحب۔ بہت شکریہ۔ مولانا عبدالواسع صاحب۔

**Senator Abdul Wasay**

سینیٹر عبدالواسع: (عربی) جناب پریذائیڈنگ آفیسر! آپ کا شکریہ کہ آپ نے مجھے وقت دے دیا لیکن اصل بات یہ ہے کہ۔۔۔

(مداخلت)

سینیٹر عبدالواسع: ابھی ہم جو Houseمیں تقریر کر رہے ہیں تو آپ بھی یہاں تشریف فرما ہیں اور ادھر حکومت کی طرف سے کوئی بھی نہیں ہے، بہر حال یہ افسوس ناک صورت حال ہے۔Oppositionکے لوگ ہوں یا حکومت کے لوگ ہوں ان کے لیے بھی افسوس ناک صورت حال ہے۔ جس بات کے حوالے سے پہلے بھی حضرت مولانا عطاالرحمان صاحب نے ایک تحریک پیش کر دی ہے اور اس کے بعد بجٹ تقریر بھی اس پر ختم کر دی جو کہ امن وامان کے حوالے سے تھی تو ظاہر سی بات ہے کہ انسان اپنے لیے کچھ سہولتیں، کچھ reliefمانگتے ہیں اور کبھی اپنی زندگی کی فکر میں ہیں کہ یااللہ ہمارے اوپر کیا گزرے گی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر! حضرت مولانا فضل الرحمان صاحب جو کہ قائد جمعیت علمائے اسلام ہیں اور ان کا بیٹا ان دہشت گردوں کے ہاتھوں سے محفوظ نہ ہو اور وہ کہتے ہیں کہ ہم آپ کو ساتھ لے جائیں گے اور اغوا کرنے کی کوشش کرتے ہیں تو باقی لوگوں کا کیا حال،احوال ہو گا۔ اور ہماری حکومت کا حال یہ ہے کہ اپنے اس شخص کو، اس کے خاندان کو، اس کے بچوں کو بھی تحفظ نہیں دے سکتے ہیں، ساری حکومت اور ساری opposition جن کے گھر اور جن کے دربار پر جاتے ہیں اور اپنے ملک کے لیے اور اپنے وطن کے لیے اور مستقبل کے لیے ان سے مشاورت بھی کرتے ہیں۔ اور دنیا کے ساتھ مقابلے میں بھی وہ کہتے ہیں کہ آپ اگر آجائیں اور مجھے یاد ہے کہ جب ہندوستان نے حملہ کر دیا، تمام سیاسی لیڈر شپ، تمام لوگ اس پریشانی میں تھے کہ اب ہم نے کیا کرنا ہے لیکن جب قائد جمعیت نے اسمبلی میں تقریر کی۔ اس کے بعد افواج پاکستان کو وہ اعتماد ملا اور عوام کو بھی اور پوری بائیس کروڑ کی عوام کو انہوں نے حوصلہ دے دیا اور ہماری افواج نے جب دوسرے دن کارروائی شروع کر دی تو اللہ تعالیٰ نے وہ کامیابی عطا کی کہ ہم سب کو شکر بھی ادا کرنا چاہیے اور ہم سب کو سجدہ ریز ہونا چاہیے۔ لیکن جب میں ایک طرف اپنے وطن کے لیے اپنے ملک کے لیے، اپنی بائیس کروڑ عوام کے لیے اتنی بڑی توپوں سے لڑنا چاہتا ہوں اور جب میں میدان میں اترتا ہوں تو میری ریاست یہ تو کر سکتی

ہے، اللہ تعالیٰ نے ان کو یہ صلاحیت دی ہے کہ ہندوستان جیسے فرعون کو بھی ٹھکانے لگا دیا۔ اب اسرائیل کو بھی ٹھکانے لگانے کے لیے بھی، اسرائیل اگر ڈرتا ہے تو انہی سے ڈرتا ہے۔

لیکن ڈیرہ اسماعیل خان میں میرے قائد کے بیٹے، میرے قائد کا خاندان، میرے لوگ محفوظ نہیں ہیں تو ہم کیا سمجھتے ہیں اور ایک سوالیہ نشان ہے۔ ہمارے بلوچستان میں ہمارے ساتھی اور ہمارے علما کے تقریباً دس پندرہ بندے رمضان سے لے کر اب تک target killing میں شہید ہو چکے ہیں اور مجال ہے کہ اب تک حکومت نے نہ ایک کا، نہ دوسرے کا، نہ تیسرے کا، نہ پندرہ کا، کسی کا بھی قاتل انہوں نے گرفتار کیا ہو، کسی کی بھی نشان دہی ہوئی ہے اور آپ جب ان سے پوچھتے ہیں کہ حافظ شاہ میر تربت والے کو کیوں قتل کیا گیا تو یہی لوگ کہتے ہیں، ہم نہیں کہتے ہیں یہی حکومتی ادارے اور security کے لوگ کہتے ہیں۔ وہ تو ان کو اس وقت اس لیے ہندوستان نے قتل کر دیا کیونکہ وہ کلبھوشن یادو کے ساتھ منسلک تھے تو اس لیے ہندوستان کی سازش سے قتل ہو گئے۔ جب ہندوستان اپنے کلبھوشن کے لیے وہاں سے اپنا اگر وہ ہے تو ہم اس پر فخر کرتے ہیں، اپنے وطن کے لیے انہوں نے جو کردار ادا کیا ہے لیکن ہندوستان وہاں سے کلبھوشن کو، جسے جاسوس سمجھیں یا ان کی جو بھی کارروائی سمجھیں تو وہاں سے ان کا بدلہ لے سکتے ہیں۔

آج آپ حافظ شاہ میر کے بارے میں کہتے ہیں کہ اس کو اس بنیاد پر قتل کر دیا۔ اب تک ان کے قاتل کا کوئی پتہ نہیں۔ کوئی اس پر بات بھی نہیں کرتے ہیں۔ کوئی رابطہ بھی نہیں کرتے ہیں۔ نہ ان کے بچوں کی درخواست وصول کرتے ہیں اور نہ FIR کاٹتے ہیں۔ کچھ بھی نہیں کرتے۔ ہمارے حافظ گل صاحب ہیں چمن کے۔ ایک ہفتہ پہلے یہی لوگ آئے۔ اذان ظہر دے دی۔ جب اذان دے دی تو وہ دہشت گرد آیا اور ادہر پستول رکھ دیا۔ جب وہ نہیں چلا تو پھر ادہر اور ادہر پستول چلایا۔ اس کے بعد جب وہ پستول کام نہیں کر رہا تھا تو وہ جیب میں ڈال کر دوسرا پستول نکال دیا۔ اس دوران وہ اپنے گھر کی طرف بھاگ گیا۔ دو گولیاں اس کو مار دی گئیں مگر اللہ تعالیٰ نے اس کو بچالیا۔ زخمی تو ہو گیا مگر اللہ تعالیٰ نے اس کو بچا لیا۔ اب تک اس کے قاتل کا کوئی بھی پتا نہیں چلا۔ جب بھی ہم انتظامیہ سے رابطہ کرتے ہیں۔ جب بھی ہم حکومت سے رابطہ کرتے ہیں کوئی پتا نہیں چلتا۔

جناب چیئرمین! وڈیرہ عبدالخالق جو ہمارے سابق صوبائی وزیر تھے۔ اس رمضان کے دوران ان کے بیٹے غلام سرور زہری کو شہید کر دیا گیا۔ اس کی FIR تک آپ کاٹنے نہیں دیتے۔ ان کے بچوں

کے لیے سیکورٹی بھی نہیں دیتے۔ وہ میرے گھر آئے تھے اور منتیں کر رہے تھے کہ کچھ طاقتور لوگ ہمارے پیچھے لگے ہوئے ہیں تو ہمیں کم از کم تین چار لیویز تو دے دیں۔ نہ آپ FIR کاٹتے ہیں اور نہ ان کو سیکورٹی دیتے ہیں۔ جب ہم پوچھتے ہیں تو بتا دیتے ہیں کہ بس نہیں دینا چاہتے۔ ایک ہمارا ساتھی ہے اور خضدار میں جمعیت علمائے اسلام کا ذمہ دار شخص ہے۔ ان کو بھی target killing کے ذریعے شہید کر دیا گیا۔ ایک سال پہلے target killing کے ذریعے ہمارے مولانا صدیق مینگل کو شہید کیا گیا تھا۔ میں کتنے لوگوں کو گن سکتا ہوں۔ ہمارے ساتھیوں کی target killing ہو رہی ہے۔ حکومت نہ FIR کاٹتی ہے۔ ایک قاتل اگر معلوم نہ ہو تو دوسرے اور تیسرے کو تو معلوم کر سکتے ہیں۔ کوئی بھی پرواہ نہیں کرتا۔ بس ٹھیک ہے مار دیا اللہ تعالیٰ اس کو جنت الفردوس نصیب فرمائے۔

جناب چیئرمین! دوسری طرف ہم یہ کہتے ہیں کہ نکلو پاکستان کے لیے۔ ہم نکلتے ہیں ان کے کہنے پر نہیں بلکہ اپنے لیے۔ پورے پاکستان میں مجھے بتائیں کوئی بھی سیاسی جماعت ہو۔ میں کسی پر احسان نہیں کر رہا ہوں۔ لیکن میں صرف ان لوگوں کو متوجہ کرنا چاہتا ہوں۔ اگر دفاع پاکستان کے حوالے سے مینار پاکستان پر ایک بہت بڑے جلسے کے لیے جب لاکھوں انسانوں کو جمع کر سکتے ہیں تو یہی جمعیت علمائے اسلام ہے۔ اگر پشاور میں لاکھوں افراد کو جمع کرتے ہیں دفاع پاکستان اور اسرائیل مردہ باد کے لیے تو یہی جمعیت علمائے اسلام ہے۔ اگر کوئٹہ کی سرزمین پر اتنی خوف کی خلت میں جب لاکھوں افراد کو جمع کر سکتے ہیں اور اس کا نام رکھا مودی اور اسرائیل مردہ باد۔ اس کے بعد کل حیدرآباد میں ہوا۔ تو آپ مجھے بتائیں کہ جب میں ملک کے بچاؤ کے لیے یہ سب کچھ کرتا ہوں۔ ساری سیاسی جماعتیں آرام سے زندگی گزارتی ہیں۔ کوئی پرواہ نہیں کرتا۔ بس جنرل عاصم منیر نے ایک وار کر دیا۔ بس ٹھیک ہے۔ لیکن اس کے بعد بھی اس ملک کے لیے ہم سب کچھ کرتے ہیں۔ حکومت ہمارے کارکنوں کے بارے میں سوچتی بھی نہیں ہے۔ آج تک کسی نے بھی ہم سے رابطہ نہیں کیا کہ آپ کے یہ ذمہ دار لوگ تھے۔ اس طرح عام کارکن نہیں ہیں۔ یہ ہمارے صوبائی مجلس عاملہ کے یا ضلعی مجلس عاملہ کے لوگ ہیں یا ہمارے قائد کے فرزند ہیں۔ ہم اپنے قائد کے فرزند کو بھی محفوظ نہیں رکھ سکتے۔ پھر مجھے بتائیں کہ یہ حکومت اتنی کمزور ہے۔ اتنی معلومات ان کے پاس نہیں ہیں۔ ایک ایک چیز کے بارے میں ان کو معلوم ہے۔ پھر جب ہم کہتے ہیں کہ بھئی! ہمیں بتایا جائے تو کہتے ہیں کہ تم کیوں ہمارے اوپر انگلیاں اٹھاتے ہو۔ کیوں ہم سے پوچھتے ہو۔ ایک طرف ہم ہندوستان سے لڑتے ہیں اور دوسری

طرف اسرائیل سے لڑتے ہیں۔ اس کے باوجود بھی آپ ہمارے اوپر الزامات لگاتے ہیں۔ تو میں اپنی زندگی ختم کرکے، جب آپ میری زندگی کا تحفظ نہیں دیتے تو پھر اس پاکستان کو میں کیا کروں گا۔ جب میں مرتا ہوں۔ جب میری عزت محفوظ نہیں ہے۔ میرے بچے اور میرے لوگ جب محفوظ نہیں ہیں۔ ہندوستان کے ہاتھوں یا اسرائیل کے ہاتھوں میں مر جاؤں یا آپ کے ہاتھوں سے میں مر جاؤں تو میرے لیے پاکستان میں کیا رہ جائے گا۔

جناب چیئرمین! بہت افسوس ناک صورت حال ہے۔ ہم ان حالات سے تنگ آ چکے ہیں۔ ہم لوگوں کو پتا ہے۔ سارے ان کے لوگ ہیں۔ اداروں کے پروردہ لوگ ہیں۔ ہمارے قاتلوں میں یہ سب شامل ہیں۔ کوئی انڈیا کا دہشت گرد نہیں ہے۔ کوئی بھی انڈیا سے نہیں آتا جو ہمارے بچوں کو مارتا ہے۔ یہ نہیں ہو رہا ہے۔ جناب چیئرمین! اس دوران جو امن و امان کی صورت حال ہے۔ ہمیں سڑکیں نہیں چاہییں۔ ہمیں فنڈز نہیں چاہییں۔ ہمیں ترقی نہیں چاہیے لیکن ہمیں زندگی چاہیے۔ کم از کم ہمیں ہماری زندگی چاہیے۔ اس کے لیے ہم اس ریاست پر حق رکھتے ہیں۔ میں دنیا کی طاقتور قوتوں کے سامنے ہو گیا اور آپ کہتے ہیں کہ مولانا نے بہت اچھی تقریر کر دی۔ پوری قوم کو متحد کر دیا اور فوج بھی اس کے کہنے پر کرتی ہے۔ اس حوالے سے میرے خیال میں حضرت مولانا عطاء الرحمٰن صاحب اور ہماری جماعت کا ہر فورم پر اور ہر ادارے سے ہم اپنی عزت اور ہم اپنے بچوں کا تحفظ چاہتے ہیں۔

جناب چیئرمین! رہ گئی بات بجٹ کی۔ بجٹ پر ہم کیا بات کریں گے۔ جناب چیئرمین! بجٹ کے بارے میں آپ کو بھی معلوم ہے اور ہمیں بھی معلوم ہے کہ IMF کے قرضوں پر بنا ہوا بجٹ ہے۔ اگر انہوں نے ہاتھ کھینچ لیا تو ہمارے پاس کچھ بھی نہیں رہے گا۔ اگر انہوں نے ہمیں کچھ دے دیا یا اس وقت اگر ہمیں کچھ مزید دینا بھی چاہتے ہیں لیکن اگر اسرائیل اور امریکہ نے اپنے قرضے ہمارے اوپر بند کر دیے تو ہمارے لیے اپنے دفاع کا مسئلہ پیش آ جاتا ہے۔ Development تو دور کی بات ہے۔ زندگی گزارنا تو دور کی بات ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں اپنے وسائل پر اپنی export پر اور اپنی پیداوار پر انحصار کرنا چاہیے۔ ہمیں اس پر توجہ دینی چاہیے۔ کب تک ہم IMF کے کشکول کے ساتھ رہیں گے۔ شہباز شریف صاحب نے تو اعلان کر دیا کہ یہ ہماری آخری قرض میٹنگ ہو گی۔ لیکن اب تک کچھ نہ ہو سکا۔

جناب چیئرمین! وقت کم ہے لیکن میں دو تین باتیں کروں گا کیونکہ آپ نے دس منٹ تک وقت دینا ہے۔ جناب چیئرمین! بلوچستان کے عوام بہت مشکل میں ہیں۔ جب بھی کوئی ذمہ دار شخص آ جاتا ہے تو ہمارے لوگ اور عوام، ساری سیاسی جماعتیں منتیں کرتے ہیں کہ خدارا! اور تو ہمارے وسائل نہیں ہیں۔ ہمیں کچھ بھی نہیں دیتے۔ نہ ہمارے پاس کوئی فنڈ ہے۔ نہ ترقیاتی کام ہو رہا ہے۔ نہ کوئی روزگار ہے۔ نہ کوئی ملازمت مل رہی ہے۔ کچھ بھی نہیں لیکن ہماری ساری زندگی بارڈر سے وابستہ ہے۔ تین چار بارڈر ہمارے پاس موجود ہیں۔ عوام ان سے گزارہ کرتے تھے۔ اب سب بارڈروں کو بند کر دیا گیا۔ چمن بارڈر بھی بند کر دیا گیا۔ ماشکیل بارڈر بھی بند کر دیا گیا۔ تفتان بارڈر کا کچھ حصہ ابھی تک بند ہے۔ اس کے علاوہ تربت بارڈر کو بھی حکومت نے بند کر دیا ہے۔ اب چمن کے لوگ اڑھائی سال سے دھرنے پر بیٹھے ہیں۔ کوئی دہشت گردی نہیں ہو رہی ہے۔ کوئی غیر آئینی کام نہیں کرتا۔ کسی کی املاک کو نقصان نہیں پہنچایا۔ وہ صرف حکومت کے خلاف دھرنے پر بیٹھے ہیں۔ کہتے ہیں کہ خدارا! ہمارے بارڈرز کھول دیں۔ ہمارے ادھے لوگ وہاں پر ہیں اور آدھے لوگ ادھر ہیں۔ ہمارا ایک گھر اس طرف رہ گیا اور ایک گھر اس طرف رہ گیا۔ ہمارے لیے بارڈرز کھول دیں۔ وہ جو پرانا طریقہ تھا۔ میں اس بات پر حیران ہوں کہ جب ہم ان حالات میں ہیں کہ پوری دنیا ہم پر حملہ آور ہے۔ اس دوران قوم کو اعتماد میں لینا چاہیے تھا۔ اب متفق کرنا چاہیے تھا یا منتشر کرنا چاہیے تھا؟ 75 سالوں سے یہ بارڈر کا مسئلہ چل رہا تھا۔ پاکستان کو کچھ بھی نہیں ہوا ہے۔ لیکن ان حالات میں کہ قوم کو متفق کرنے کی ضرورت ہے جبکہ حکومت انتشاری فیصلے کرتی ہے کہ قوم ان سے نفرت کرتی ہے۔ اسی طرح وہاں۔۔۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: اب آپ سمیٹ لیں۔ میرا خیال ہے کہ پندرہ منٹ آپ کے ہو گئے ہیں۔

سینیٹر عبدلواسع: جناب چیئرمین! میری گزارش سن لیں۔ اسی طرح ہماری صوبائی حکومت نے ایک قانون سازی کی ہے۔ صرف صوبائی حکومت نے نہیں بلکہ مرکزی حکومت کے کہنے پر کی ہے۔ ہمارے صوبے کے اختیارات مرکز کو منتقل کر دیے گئے۔ اسی بنیاد پر وہاں پر دھڑا دھڑ الاٹمنٹ شروع کر دی ہے۔ یعنی ایک ہزار کلو میٹر، پانچ سو کلو میٹر، جس کے اکاؤنٹ میں تین کروڑ روپے کی بنک گارنٹی ہو تو پھر وہ الاٹمنٹ کر سکتے ہیں۔ آپ مجھے بتائیں کہ بلوچستان کے لوگوں کے اکاؤنٹ میں تین

کروڑ روپے کہاں سے آئیں گے۔ ظاہر بات ہے یہ لاہور یا گوجرانوالہ یا نواب شاہ کے زرداری صاحب کے لوگ آئیں گے یا کسی اور صوبے سے آئیں گے لیکن ہمارے لوگوں کے پاس اتنے پیسے کہاں سے آئیں گے۔ آپ کو معلوم ہے کہ وہاں پر اس طرح ہو رہا ہے۔ صدیقی صاحب! آپ نے زندگی گزاری ہے۔

آپ نے صحافت میں بھی زندگی گزاری ہے، بلوچستان کے لوگوں کی تمام زمینیں، قبائلی زمینیں ہیں۔ ابھی ادھر جسٹس جمال مندوخیل بیٹھے ہیں، انہوں نے عدالت عالیہ میں فیصلہ دیا کہ بلوچستان کے اندر سرکار یا حکومت کی کوئی زمین نہیں ہے، ساری قبائل کی زمینیں ہیں۔ بات یہ ہے کہ قبائل اس لیے لڑ رہے ہیں کہ ان کے درمیان دو تین سو کے قریب قتل ہو چکے ہیں۔ ان کا اپنا ایک طریقہ کار ہے۔ پاکستان بننے سے پہلے بھی اور پاکستان بننے کے بعد بھی۔ ہم نے لوگوں کو اس پر آمادہ کیا کہ چلو، سرکار اگر معدنیات کی allotment کرتی ہے تو کرلے لیکن اس طرح ہو کہ صرف community کے لوگوں کے لیے، قوم کے لوگوں اور اس عوام کے لیے allot کیا جائے۔ پھر اس کے بعد جب بڑی کمپنیاں آتی ہیں تو ہم اس کے لیے تیار ہیں لیکن جب وہ direct allotment کرتے ہیں تو قوم کو محروم کردیتے ہیں۔ ایک طرف وہاں پر دہشت گرد ہیں، دہشت گردی کرنے والے اور ملک توڑنے والے لوگ عوام کو یہ بات کہتے ہیں کہ ہماری زمینوں کو، ہمارے آباؤاجداد کی ملکیت کو ہم سے چھین کر قبضے میں لینا چاہتے ہیں۔ ایک طرف وہ یہ ورد کرتے ہیں۔ دوسری طرف حکومت بھی اسی طرح کی قانون سازی کرتی ہے تو ظاہر بات ہے کہ ہم جو ملک چلانے والے لوگ ہیں، جو ملک کے آئین کو ماننے والے لوگ ہیں، ہم بالکل تن تنہا رہ گئے ہیں۔ حکومت ہمارے ساتھ تعاون کرتی ہے اور نہ وہ لوگ ہمارے ساتھ ہیں۔ ہم حیران ہیں کہ ہم لوگوں کو کس طرح بچائیں۔

جناب چیئرمین! اگر آپ کو اللہ تعالیٰ نے ایک حیثیت دی ہوئی ہے، بلوچستان کے لوگوں اور بلوچستان کے عوام کے ساتھ اچھا برتاؤ کریں۔ اب میں اس موقع پر یہ بات نہیں کرنا چاہ رہا ہوں؟ اگر کوئی مجھے کہے کہ آپ کی وہاں صوبائی حکومت موجود ہے تو اس بارے میں ہماری رائے آپ کو معلوم ہے۔ اگر آپ بھی حکومت میں نہ ہوتے تو شاید آپ کی بھی یہی رائے ہوتی کہ یہ یقیناً عوامی نمائندے نہیں ہیں۔ میں آپ سے مطالبہ کرتا ہوں کہ وہاں کے قبائل، وہاں کے نمائندوں، وہاں کے

مشر اور بڑوں پر مشتمل ایک کمیٹی بنا کر اس مسئلے کو حل کر لیں۔ اس طرح زبردستی سے قانون سازی نقصان دہ ہوتی ہے۔ اس کا کوئی بھی فائدہ نہیں ہوتا۔ شکریہ جناب چیئرمین۔

Mr. Presiding Officer: Since the attendance has become very thin, the proceedings of the House stand adjourned to meet again on Tuesday, tomorrow, the 17th June, 2025 at 11:00 am. Thank you.

--------------

*[The House was adjourned to meet again on Tuesday, the June 17th, 2025 at 11:00 am.*

--------------